Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 13 — جمعۃ المبارک 2 دسمبر 2022ء 7 جمادی الاولیٰ 1444ھ، قیمت 20 روپے — شمارہ 201

سیاسی صورتحال اور پنجاب کے انتظامی معاملات پر تبادلہ خیال، پنجاب اسمبلی کے رولز آف پروسیجر کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، تحریک عدم اعتماد کا شوشہ ہی چھوڑ سکتے ہیں، شوق پورا کرلیں پھر ناکامی ہوگی

اپوزیشن ممبر پورے نہیں، جاگتے میں خواب دیکھ رہے ہیں

وزیراعلیٰ پنجاب

وزیراعلیٰ پرویز الٰہی کی عمران خان سے ملاقات، اپوزیشن کے غیر آئینی ہتھکنڈوں کا ڈٹ کر مقابلہ کرنے کا عزم، پارلیمانی پارٹی اجلاس میں پنجاب اسمبلی کے بارے میں حتمی مشاورت کی جائیگی

پنجاب اسمبلی کیا؟ عمران خان کے لئے جان بھی حاضر ہے۔ پی ڈی ایم کے ساتھ وہی ہو رہا ہے جو اس نے بویا۔ سابق وفاقی وزیر پرویز خٹک اور عمران خان کے سیاسی مشیر حافظ فرحت عباس بھی اس موقع پر موجود تھے

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی، سابق وفاقی وزیر مونس الٰہی اور ایم این اے حسین الٰہی نے زمان پارک میں پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان سے ملاقات کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔ ملاقات میں سیاسی صورتحال اور پنجاب کے انتظامی معاملات پر تبادلہ خیال ہوا اور پنجاب اسمبلی کے رولز آف پروسیجر کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ملاقات میں پنجاب اسمبلی کے قواعد وضوابط اور ٹیکنیکل پہلوؤں پر بھی غور کیا گیا۔ وزیراعلیٰ چودھری پرویز الٰہی نے پنجاب کے عوام کو ریلیف دینے کے جاری پروگرام کے بارے میں عمران خان کو آگاہ کیا۔ ملاقات میں اپوزیشن کے ہر غیر آئینی ہتھکنڈے کا ڈٹ کر مقابلہ کرنے کا عزم کا اعادہ کیا گیا۔ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ پنجاب کی پارلیمانی پارٹی کا اجلاس طلب کر لیا گیا ہے۔ پارلیمانی پارٹی اجلاس میں پنجاب اسمبلی کے مستقبل کے بارے میں حتمی مشاورت کی جائے گی۔ عمران خان نے کہا کہ چوروں کے ٹولے نے معیشت تباہ کر دی ہے۔ وزیراعلیٰ چودھری پرویز الٰہی نے کہا کہ ہم عمران خان کے ساتھ ہیں۔ عمران خان کے ہر فیصلے کا ساتھ دیں گے۔ ہم جس کے ساتھ چلتے ہیں، اس کا پورا ساتھ دیتے ہیں۔ عمران خان کے کہنے (بقیہ نمبر 1)

ہوسکتا ہے پارٹی میں بعض کی رائے ہو کہ اسمبلیاں تحلیل نہ ہوں، فواد چوہدری

امریکا اور دیگر ممالک کے سفیروں سے رابطہ ہوتا رہتا ہے، سفیر سیاسی جماعتوں کا نقطہ نظر سمجھنا چاہتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فواد چوہدری نے کہا ہے کہ ہوسکتا ہے کہ ہماری پارٹی کے بعض افراد کی رائے ہو کہ صوبائی اسمبلیاں تحلیل نہ کی جائیں تاہم جب فیصلہ ہوگیا ہے تو سب استعفے دیں گے۔ (بقیہ نمبر 4)

بڑھتی آبادی پر قابو پانے کیلئے صوبے الگ وزارتیں قائم کریں

وزیر اطلاعات

2030ء میں پاکستان کی آبادی 26 کروڑ 30 لاکھ اور 2050ء میں 33 کروڑ 80 لاکھ ہونے کا امکان ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات مریم اورنگزیب نے تجویز دی ہے کہ بڑھتی آبادی پر قابو پانے کے لئے صوبے الگ وزارتیں قائم کریں، 2030ء میں پاکستان کی (بقیہ نمبر 3)

پنجاب بھر میں 1083 ٹریفک حادثات میں 12 افراد جاں بحق، 1123 زخمی

وین 13 مسافر بسیں، 29 ٹرک اور 107 دوسری اقسام کی گاڑیاں شامل ہیں۔

لاہور (این این آئی) پنجاب ایمرجنسی سروس نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1083 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جس میں 610 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی اور (بقیہ نمبر 2)

چیئرمین تحریک انصاف عمران خان سے وزیراعلی پرویز الٰہی ملاقات کررہے ہیں، مونس الٰہی بھی موجود ہیں

گورنر راج اور عدم اعتماد آئینی طریقے ہیں اور یہ استعمال ہوسکتے ہیں، رانا ثناء اللہ کی پریس کانفرنس

عمران خان کی جانب سے اسمبلیاں تحلیل کرنے کا اعلان غیر آئینی ہے

وزیر داخلہ

بلوچستان اور خیبر پختونخوا کی صوبائی حکومتوں کو امن وامان کی صورتحال کو قابو میں رکھنے کیلئے اقدامات کرنے چاہئیں، ہماری مسلح افواج دہشت گردی کی صورتحال سے نمٹنے کی پوری صلاحیت رکھتی ہیں

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنااللہ خان نے کوئٹہ میں ہونے والے خودکش حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹی ٹی پی کی جانب سے ملک میں حملوں کی ذمے داری قبول کرنا خطرناک ہے، بلوچستان اور خیبر پختونخوا کی صوبائی حکومتوں کو امن وامان کی صورتحال کو قابو میں رکھنے کیلئے اقدامات کرنے چاہئیں، ہماری مسلح افواج دہشت گردی کی صورتحال سے نمٹنے کی پوری صلاحیت رکھتی ہیں، ہم ہر طرح کی صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہیں، اگر کسی آپریشن کی ضرورت ہوئی تو پھر اسے بلا تاخیر کیا جائے گا، عمران خان کی جانب (بقیہ نمبر 7)

پتوکی، نوکری کا جھانسہ دیکر خاتون کو زیادتی کا نشانہ بناڈالا گیا

پتوکی (این این آئی) نوکری کا جھانسہ دیکر خاتون کو زیادتی کا نشانہ بناڈالا گیا، پولیس نے ملزم اور اسکے نامعلوم سا(بقیہ نمبر 6)

چارسدہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے پولیس اہلکار شہید

پولیس نے سرچ آپریشن شروع کردیا جبکہ لاش پوسٹ مارٹم کے لیے تنگی ہسپتال منتقل کردی گئی

چارسدہ (این این آئی) تھانہ تنگی کی حدود میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے پولیس اہلکار شہید ہوگیا۔ پولیس کے مطابق اہلکار زرمست خان ڈیوٹی سے واپس (بقیہ نمبر 5)

جنوبی وزیرستان میں آرمی پبلک اسکول کے قریب فورسز پر حملہ، ایک شہری جاں بحق

جنوبی وزیرستان (این این آئی) جنوبی وزیرستان میں آرمی پبلک اسکول کے قریب فورسز پر حملے میں ایک شہری جاں بحق، ایف سی اہلکار زخمی ہوگیا۔(بقیہ نمبر 29)

اوگرا نے ایل پی جی کی قیمت میں 12 روپے فی کلو اضافہ کردیا

ایل پی جی 216 روپے فی گھریلو سلنڈر 2548 روپے اور کمرشل سلنڈر 9804 روپے ملک بھر میں دستیاب ہوگا

اسلام آباد(این این آئی) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے ایل پی جی کی قیمت میں 12 روپے فی کلو اضافہ کر دیا۔ جمعرات کو قیمت میں اضافے کا نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا۔ چیئرمین ایل پی جی ایسوسی ایشن پاکستان عرفان کھوکھر کے مطابق اوگرا نے ایل پی جی گھریلو سلنڈر 139 روپے اور کمرشل سلنڈر کی قیمت (بقیہ نمبر 28)

آئینی کردار اور جمہوریت ملکی بنیاد ہے، جب تک آئین رہے گا ملک بھی رہے گا

جسٹس فائز عیسیٰ

آئین کے مطابق دیے گئے بنیادی حقوق کا تحفظ ہمارا مطمع نظر ہوتا ہے، ہائی کورٹس اور سپریم کورٹ یقینی بنائیں کہ یہ حقوق چھینے نہ جاسکیں، خطاب

امریکی سپریم کورٹ نے 100 سال پرانے گن کنٹرول کیسز پر فیصلوں کو بدل دیا، امریکا میں کیے گئے

واشنگٹن (این این آئی) سپریم کورٹ کے جج جسٹس فائز عیسیٰ نے کہا ہے کہ آئینی کردار اور جمہوریت ہی ملک کی بنیاد ہے 1973 میں ملک کو مکمل آئین ملا، جب تک آئین رہے گا ملک بھی رہے گا۔ امریکا کی ہارورڈ یونیورسٹی میں پاکستان کے 75 سال کے عنوان سے منعقدہ دو روزہ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جسٹس فائز عیسیٰ نے کہا کہ ملک ٹوٹنے کی وجہ جمہوریت کا نہ ہونا اور آمرانہ (بقیہ نمبر 8)

راولپنڈی، صدر عارف علوی آرڈیننس فیکٹری واہ کے دورہ کے موقع پر دفاعی مصنوعات کا معائنہ کررہے ہیں

اربوں روپے آمدن دینے والا فیکٹری ایریا مانگا روڈ مسائلستان بن گیا

بنیادی سہولیات سے محروم فیکٹری ایریا میں ٹوٹی سڑکیں، خستہ حال پل، لٹکی تاروں سے مکینوں کی زندگی اجیرن بن گئی

مانگا روڈ کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کروائے جائیں تاکہ پسماندگی کے شکار اس اہم ترین علاقہ کے عوام سکھ کی زندگی بسر کرسکیں

رائے ونڈ (این این آئی) اربوں روپے آمدن دینے والا فیکٹری ایریا مانگا روڈ مسائلستان بن گیا، بنیادی سہولیات سے محروم فیکٹری ایریا میں ٹوٹی سڑکیں، خستہ حال پل، لٹکی تاریں، تجاوزات کی بھرمار، غیر قانونی تعمیرات اور غیر محفوظ سفری سہولیات سے مکینوں کی زندگی اجیرن بن گئی۔ تفصیلات کے مطابق ملک کو اربوں روپے آمدن فراہم کرنیوالا رائے ونڈ فیکٹری ایریا مانگا روڈ کی سڑکیں طویل (بقیہ نمبر 27)

ہم سے کارکردگی کا پوچھنے والے ہماری 2017 کی کارکردگی سے جائزہ لیں، جاوید لطیف

مقروض ملک کے اربوں روپے الیکشن پر خرچ کرنے کے بعد تفریق مزید بڑھے گی

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی وزیر اور مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما جاوید لطیف نے پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے ملک میں جلد انتخابات کے مطالبے پر کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے ارکان کا بڑا دھڑا ہمارے ساتھ رابطے میں ہے، ہم انتخابات چاہتے ہیں لیکن عمران خان کے احتساب کے بعد، ہم سے کارکردگی کا پوچھنے والے ہماری 2017 کی کارکردگی سے جائزہ لیں، مقروض ملک کے اربوں روپے الیکشن پر خرچ کرنے کے بعد تفریق مزید بڑھے گی۔ وفاقی وزیر میاں جاوید لطیف نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم سے کارکردگی کا پوچھنے والے ہماری 2017 کی کارکردگی سے جائزہ لیں، یہ بتایا جائے ملک کو مریض کس نے بنایا، کس نے غلط دوائیاں دیں۔ انہوں نے کہا کہ آپ دو صوبوں کے وسائل استعمال کرکے ایک تقرری روکنا چاہتے تھے، وہ تو رک نہیں سکی، اب آپ اسمبلیاں توڑنے (بقیہ نمبر 10)

خام مال اور میڈیکل ڈیوائسز کی درآمد بند، پاکستان میں ادویات کے شدید بحران کا خدشہ

اسلام آباد(این این آئی) ادویات کے را مٹیریل اور میڈیکل ڈیوائسز کی پاکستان میں درآمد بند ہونے سے چند ہفتوں میں ادویات کے شدید بحران کا خدشہ پیدا ہوگیا۔ پاکستان فارماسیوٹیکل مینوفیکچررز ایسوسی ایشن نے دعویٰ کیا کہ بینکوں کی جانب سے ایل سی نہ کھولنے سے ادویات کے را مٹیریل کی درآمد بند ہو گئی ہے۔ چیئرمین پی پی ایم اے ارشد محمود کے مطابق اسٹیٹ بینک (بقیہ نمبر 9)

پاکستان ادائیگیوں پر رضامند، گوگل ایپس بند ہونے کا خطرہ ٹل گیا

ادائیگیاں شیڈول کے مطابق کی جاسکیں گی اور پاکستان میں پیڈ گوگل ایپس بند نہیں ہوں گی

اسلام آباد (این این آئی) وزارت خزانہ نے وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی امین الحق کی تجویز مانتے ہوئے گوگل کو ادائیگی پر رضامندی ظاہر کر دی۔ وفاقی وزیر برائے آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن امین الحق سے وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے خزانہ طارق باجوہ نے رابطہ کیا اور گوگل کو ادائیگیوں کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔ امین الحق نے اس (بقیہ نمبر 11)

گورنر سندھ کامران ٹیسوری کے گھر بیٹے کی ولادت

خالق حقیقی کا بہت بڑا کرم ہے کہ اس نے اس نعمت سے نوازا، گورنر سندھ کامران ٹیسوری

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران ٹیسوری کے گھر بیٹے کی ولادت ہوئی جس پر انہوں نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا۔ اپنے بیان میں گورنر سندھ نے کہا کہ خالق حقیقی کا بہت بڑا کرم ہے کہ اس نے اس نعمت سے نوازا۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، وفاقی وصوبائی وزرا، وفاقی وصوبائی سیکرٹریز اور عمائدین شہر کی بڑی تعداد نے گورنر (بقیہ نمبر 12)

اسلام آباد ائیرپورٹ پر اے این ایف اہلکاروں کی رشوت مانگنے کی ویڈیو سامنے آگئی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے ائیرپورٹ پر انسداد منشیات فورس (اے این ایف) اہلکاروں کی جانب سے رشوت مانگنے کی ویڈیو سامنے آگئی۔ سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو میں اے این ایف اہلکار کو مسافر سے سامان کی چیکنگ کے دوران رقم مانگتے سنا جاسکتا ہے۔ ویڈیو میں مسافر سے رشوت طلب کرنے والے اے این ایف اہلکار کے سینے پر نام بھی (بقیہ نمبر 25)

ایڈز کنٹرول کیلئے قانون میرج ایکٹ میں شامل کیا جائے گا، وزیر صحت

پاکستان میں ایڈز کے 2 لاکھ 40 ہزار مریض موجود ہیں، وفاقی وزیر عبدالقادر بلوچ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت عبدالقادر پٹیل نے کہا ہے کہ ایڈز کو کنٹرول کرنے کے لیے وفاق میں قانون لا رہے ہیں۔ وزیر صحت عبدالقادر پٹیل نے ایڈز کے عالمی دن پر منعقدہ سیمینار میں میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ ایڈز کے کنٹرول کیلئے قانون کو میرج ایکٹ میں شامل کیا جائے گا جس کی جلد منظوری لے لی جائے گی۔ وزیر صحت نے کہا کہ پاکستان میں ایڈز کے 2 لاکھ 40 ہزار ایڈز مریض موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں ایڈز کی تشخیص کے لیے ٹیسٹ کروانے کی شرح نہ ہونے کے برابر ہے، لوگ ایڈز کا ٹیسٹ کروانے کو تیار نہیں ہوتے اور زبردستی ٹیسٹ نہیں کروایا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ اپنوں کی دوری، نفرت کے باعث لوگ ٹیسٹ کرانے سے گریز کرتے ہیں۔ ایڈز کے حوالے سے آگاہی کی ضرورت ہے۔ عبدالقادر پٹیل نے کہا کہ پیناڈول کی قیمت میں ہم نے نہیں اقتصادی رابطہ (بقیہ نمبر 26)

پاک بحریہ نے سمندر میں 8.6 بلین روپے مالیت کی منشیات قبضے میں لے لی

پکڑی گئی دونوں کشتیوں کو زمینی قانون کے مطابق مزید کارروائی کے لیے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے حوالے کردیا گیا ہے

پاک بحریہ کسی بھی غیر قانونی سرگرمی سے نمٹنے اور اپنی سمندری سرحدوں کی حفاظت کے لیے ہمہ وقت تیار ہے

کراچی (نامہ نگار عوامی للکار) پاک بحریہ کے دو جہازوں نے فضائی یونٹ کے تعاون سے شمالی بحیرہ عرب میں تقریباً 5800 کلوگرام منشیات قبضے میں لے لی۔ پاک بحریہ بحیرہ عرب میں تزویراتی طور پر اہم آبی گزرگاہوں پر کسی بھی قسم کی غیر قانونی سرگرمیوں کو روکنے، ان کا تدراک کرنے اور ناکام بنانے کے اپنے قومی عزم کو جاری رکھے ہوئے ہے۔ حالیہ پیشرفت میں پاک بحریہ کے دو جہازوں نے بحیرہ عرب میں کامیاب انسداد منشیات آپریشن کیا جس کے نتیجے میں منشیات کی بڑی کھیپ قبضے میں لے لی۔ شمالی بحیرہ عرب میں میری ٹائم سکیورٹی آپریشنز کرتے ہوئے پاک بحریہ کے جہازوں نے دو مشکوک کشتیوں کو تلاش کیا اور مؤثر انداز میں کاروائی کرتے ہو؟ ان کشتیوں کی چھان بین پر منشیات کی بڑی مقدار برآمد کی جس کی بین الاقوامی منڈی میں مالیت کا تخمینہ تقریباً 8.6 ارب روپے ہے۔ پکڑی گئی دونوں (بقیہ نمبر 24)

UMT
1st International Conference on
ADVANCES IN CIVIL AND CONSTRUCTION ENGINEERING
ACCE-2022
IZHAR
AJK
aci

لاہور، وفاقی وزیر پلاننگ احسن اقبال تقریب سے خطاب کررہے ہیں

رجیم چینج آپریشن پاکستان کی معیشت کیلئے بدترین ثابت ہوا، ترجمان پنجاب حکومت

ترسیلات زر میں 9 فیصد کی کمی، 25 فیصد مہنگائی بڑھی، لارج سکیل مینوفیکچرنگ میں منفی گروتھ دیکھی گئی

جی ڈی پی گروتھ ریٹ میں 2.6 فیصد کمی ہوئی، ٹیکس اکٹھا کرنے میں 16 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی' مسرت جمشید چیمہ

لاہور (این این آئی) ترجمان وزیراعلیٰ و پنجاب حکومت مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ گزشتہ مالی سال کے پہلے چار ماہ اور موجودہ مالی سال کے 4 ماہ کا موازنہ کیا جائے تو رجیم چینج آپریشن پاکستان کی معیشت کیلئے بدترین ثابت ہوا، مالی سال کے پہلے 4 ماہ میں ترسیلات زر میں 9 فیصد کی کمی ہوئی ہے جبکہ ملک میں 25 فیصد مہنگائی بڑھی ہے۔ اپنے ویڈیو بیان میں ترجمان پنجاب حکومت مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ لارج سکیل مینوفیکچرنگ میں منفی گروتھ دیکھی گئی، ہمارے دور میں اس کی گروتھ 10.2 فیصد تھی، جی ڈی پی گروتھ ریٹ میں 2.6 فیصد کمی ہوئی، ٹیکس اکٹھا کرنے میں 16 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ شوباز شریف کے موجودہ دور میں مالیاتی خسارہ 84 فیصد بڑھ کر 809 ارب روپے ہوگیا، عمران خان کے دور حکومت میں گزشتہ مالی سال کے پہلے چار ماہ میں مہنگائی 8.7 فیصد (بقیہ نمبر 13)

لاہور، قائد حزب اختلاف پنجاب اسمبلی حمزہ شہباز سے رکن اسمبلی حنا پرویز بٹ ملاقات کررہی ہیں

وزیراعظم سے ائیر چیف مارشل ظہیر احمد بابر کی ملاقات ، پاک فضائیہ کے حوالے سے پیشہ ورانہ امور پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے پاک فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر نے ملاقات کی جس میں پاک فضائیہ کے حوالے سے پیشہ ورانہ امور پر گفتگو کی گئی۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف سے پاک فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر نے ملاقات کی جس میں پاک فضائیہ کے حوالے سے پیشہ ورانہ امور پر گفتگو کی گئی۔

وزیراعظم سے حنا ربانی کھر کی ملاقات، دورہ افغانستان کے حوالے سے گفتگو

پاکستان افغان بھائی بہنوں کی ہر ممکن مدد اور حمایت جاری رکھے گا، وزیراعظم شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان پرامن افغانستان کا خواہاں ہے، بین الاقوامی برادری افغانستان کی صورت حال میں بہتری کے لیے اپنا کردار ادا کرے۔ وزیراعظم کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزیر مملکت خارجہ امور حنا ربانی کھر سے گفتگو کرتےہوئے کیا (بقیہ نمبر 14)

حکومت نے آئل کمپنیوں کے منافع میں اضافہ کردیا

وفاقی حکومت پیٹرول پر 50 روپے فی لیٹر ملکی تاریخ کی سب سے زیادہ پیٹرولیم لیوی وصول کررہی ہے، رپورٹ

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی حکومت نے آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کے مارجن میں اضافہ کردیا۔ یکم دسمبر سے آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کے مارجن میں 1 روپے 32 پیسے فی لیٹر تک اضافہ ہوگیا، مارجن بڑھنے سے آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کے منافع میں اربوں روپے اضافہ ہوجائے گا۔ جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق پیٹرول پر اوایم سی مارجن 2 3(بقیہ نمبر 16)

ایف بی آر نے انکم ٹیکس گوشوارے جمع کروانے کی تاریخ میں توسیع کردی

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی تاریخ میں 15 روز کی توسیع کردی۔ ایف بی آر کے مطابق انکم ٹیکس گوشوارے 15 دسمبر تک جمع کرائے جا سکتے ہیں۔ واضح رہے کہ گذشتہ دنوں کراچی چیمبر نے ایف بی آر سے انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی تاریخ 31 دسمبر 2022 تک بڑھانے کی اپیل کی تھی۔ اس سے قبل بھی (بقیہ نمبر 15)

پولیس اہلکار راولپنڈی سٹیڈیم کے باہر میچ دیکھنے کیلئے آنیوالوں کی تلاشی لے رہے ہیں

معاشی بحالی منصوبہ، جاپان اور یو این ڈی پی کے معاہدے پر دستخط

ڈیجیٹل ہنر، انکیوبیشن تربیت سے 1300 نوجوانوں کو روزگار فراہم کیا جائے گا، رپورٹ

اسلام آباد(این این آئی) اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام (یو این ڈی پی) اور حکومت جاپان نے اورکزئی اور کرم کی عوام کیلئے ذریعہ معاش کے مواقع استحکام اور معاشی بحالی کیلئے 3.9 ملین امریکی ڈالر کے ایک منصوبے کے آغاز کیلئے ایک (بقیہ نمبر 17)

طالبات، اساتذہ کرام کا ایوانِ قائداعظم کا مطالعاتی دورہ

لاہور (این این آئی) سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ گرلز ہائی سکول' تکیہ لہری شاہ' اچھرہ' لاہور کی طالبات اور اساتذہ کرام نے نظریۂ پاکستان ٹرسٹ کے (بقیہ نمبر 18)

وزیرخزانہ نے ریفارم اینڈ ریسورس موبلائزیشن کمیشن قائم کردیا، اشفاق تولہ چیئرمین ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے محصولات کی موجودہ پالیسیوں کا جائزہ لینے، موجودہ ٹیکس نظام میں پیدا ہونے (بقیہ نمبر 22)

فیصل آباد میں بااثر افراد کا خاتون پر انسانیت سوز تشدد

سی پی او کی جانب سے واقعے کا نوٹس لینے کے بعد انکوائری جاری ہے

فیصل آباد (این این آئی) فیصل آباد کے علاقے کھڑیانوالہ میں بااثر افراد کی جانب سے خاتون کے ساتھ انسانیت سوز سلوک کا واقعہ پیش آیا۔ بااثر افراد نے خاتون کو برہنہ کرکے تشدد کیا، تشدد کرنے والوں میں مردوں کے ساتھ ایک خاتون بھی شامل تھی۔(بقیہ نمبر 23)

وائس چیف آف نیول سٹاف ایڈمرل فیصل رسول لودھی نیشنل سکیورٹی اینڈ وار کورس کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

فنی تعلیم کو جدید خطوط پر استوار کررہے ہیں، چیئرپرسن ٹیوٹا مامون جعفر تارڑ

ٹیوٹا اور پرنٹنگ اینڈ گرافک آرٹ انڈسٹری کے تعاون سے کورس کے اجراء کی افتتاحی تقریب

ٹیکسٹائل سیکٹر کے بعد سب سے بڑی ورک فورس پرنٹنگ انڈسٹری کے پاس ہے جس میں 15 لاکھ سے زیادہ افراد منسلک ہیں

لاہور (این این آئی) چیئرپرسن ٹیوٹا مامون جعفر تارڑ نے کہا ہے کہ ملک کی ترقی کے لیے فنی تعلیم کو جدید خطوط پر استوار کر رہے ہیں یہ پائلٹ پراجیکٹ اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ وہ ٹیوٹا اور پاکستان ایسوسی ایشن آف پرنٹنگ اینڈ گرافک آرٹ انڈسٹری کے تعاون سے اسسٹنٹ آفسیٹ پرنٹنگ کورس کے اجراء کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ تقریب کا انعقاد گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی علامہ اقبال ٹاؤن میں کیا گیا۔ تقریب میں صدر لاہور چیمبر آف کامرس کاشف انور، صدر پاپکی سعد حلیم، سینئر ڈی جی اختر عباس بھروانہ نے شرکت کی۔ مامون جعفر تارڑ نے کہا کہ کامیاب کورس کے اجرا پر لاہور چیمبر اور پاپکی مبارکباد کے مستحق ہیں۔ ہم اپنے کورسز کو جدید خطوط پر استوار کر رہے ہیں۔ ہم سب کو پاکستان کو آگے لے جانے کے لیے اکٹھے ہونا پڑے گا اور اس کے لیے انڈسٹری اور ٹیوٹا کا تعاون انتہائی (بقیہ نمبر 19)

میاں اسلم اقبال سے ایوان صنعت وتجارت ساہیوال کے وفد کی ملاقات

چیچہ وطنی میں 731 ایکڑ اراضی پر سال انڈسٹریل اسٹیٹس کے قیام کی تجویز کا جائزہ لیا جارہا ہے

لاہور(این این آئی) سینئر صوبائی وزیر میاں اسلم اقبال سے 90 شاہراہ قائد اعظم پر ایوان صنعت وتجارت ساہیوال کے وفد نے ملاقات کی۔ صدر ساہیوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کاشف ریاض وفد کی قیادت کر رہے تھے۔ ملاقات میں (بقیہ نمبر 20)

پاکستان ادائیگیوں پر رضامند، ملک میں گوگل سسٹم بند ہونے کا خطرہ ٹل گیا

وزارت خزانہ گوگل کو ادائیگی کرنے پر راضی ہوگئی ہے جس کے بعد ادائیگی شیڈول کے مطابق کی جاسکیں گی

ایک ماہ کے اندر وزارت آئی ٹی، خزانہ اور اسٹیٹ بینک باہمی مشاورت سے لائحہ عمل مرتب کریں گے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزارت خزانہ نے وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی امین الحق کی تجویز مانتے ہوئے گوگل کو ادائیگی پر رضامندی ظاہر کر دی۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ دنوں سامنے آنے والی بعض رپورٹس میں کہا گیا تھا کہ پاکستان میں یکم دسمبر 2022 سے موبائل فونز کے ذریعے پیڈ گوگل ایپلی کیشنز اور دیگر سروسز ڈاؤن لوڈ کرنے کی سہولت دستیاب نہیں ہوگی۔ جمعرات کو وزیر آئی ٹی امین الحق نے اپنے ایک جاری بیان میں کہا کہ وزارت خزانہ نے وزارت آئی ٹی کی تجویز مان لی ہے، وزارت خزانہ گوگل کو ادائیگی کرنے پر راضی ہوگئی ہے جس کے بعد ادائیگی شیڈول کے مطابق کی جاسکیں گی۔ جاری بیان میں بتایا گیا کہ وزیر آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن امین الحق سے معاون خصوصی برائے خزانہ طارق باجوہ نے رابطہ کیا۔ ٹوئٹر پر جاری اپنے بیان میں وزیر آئی ٹی نے کہا کہ پیڈ گوگل ایپس بند نہیں ہوں (بقیہ نمبر 21)

عوامی للکار
Daily Awami Lalkaar
ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ایڈیٹوریل پیج

پنجاب پولیس کے اچھے اقدامات نظر انداز کیوں

گذشتہ روز تھانہ کاہنہ میں تعینات ایس ایچ او عاصم حمید سے میجر ریٹائرڈ عاطف مدثر کے ہمراہ آفیشل ملاقات ہوئی، راقم نے کچھ وقت ان کے آفس میں گزارا جن میں ایس ایچ او صاحب عوام الناس کے مختلف ایشوز پر مسلے مسائل سن رہے تھے اور انکا حل نکال رہے تھے۔ ہماری باری پر انہوں نے پانچ منٹ نماز پڑھنے کے لیے نکالے۔ عوام الناس کے بھاری بھرکم مسائل اور انکے متبادل وسائل نہایت کم دیکھنے کو ملے۔ ایس ایچ او صاحب سے طویل گفتگو کے دوران ایک معصومانہ شکوہ سننے کو ملا کہ پنجاب پولیس کے اچھے اقدامات نظر انداز کیوں؟ راقم یہ جملہ سن کر بر ملا سوچنے پر مجبور ہو گیا کہ یہ ایک تلخ حقیقت ہے، جس کا اجاگر ہونا اشد ضروری ہے جیسا کہ پاکستان میں میچز کا شور ہے۔ ان میچز کے انعقاد کا کریڈٹ سب کو جاتا ہے۔ یہ پرامن پاکستان کی جانب عملی قدم ہے۔ آخر ہمیں دنیا کو بھی بتانا ہے کہ ہم پرامن ہیں۔ جہاں ملک میں میچز کی خوشیاں ہیں لیکن ساتھ ساتھ ہمیں یہ یاد رکھنا چاہیے کہ ان خوشیوں کے لیے ہمارے جوانوں نے بے پناہ قربانیاں دی ہیں۔ یہ قربانیاں فوج کے ساتھ ساتھ پولیس نے بھی دی ہیں۔ دیگر ادارہ جات کو سکون مہیا کر کے پتنگ بازی جیسی اہم ذمہ داری بھی پولیس پر ڈال دی گئی ہے، اتنے اتنے بڑے علاقے میں اتنی کم نفری ہونے کے باوجود پولیس عملہ دن رات محنت کرتا ہے اور وارداتوں سمیت دیگر اہم مسائل کے حل کے لیے پیش پیش نظر آتا ہے۔ اور اب پتنگ بازی جیسی ذمہ داری نے انکے تمام معاملات کو متاثر کر کے رکھ دیا ہے۔ یہ امر نہایت افسوسناک ہے کہ ہمارے معاشرے میں پولیس کی قربانیوں کو اس طرح قدر کی نگاہ سے نہیں دیکھا جاتا جس طرح دیکھا جانا چاہیے۔ ہمیں معاشرے میں یہ احساس پیدا کرنا ہوگا کہ پولیس کے جوان کی قربانی بھی کسی طرح کم نہیں ہے۔ خون پھر خون ہے۔ تاہم میرے نزدیک افسوس کی بات یہ ہے کہ میچز کی رونق میں ہم امن کی خاطر شہید ہونے والے پولیس جوانوں کی قربانی کو بھول گئے، ان شہدا کے خاندانوں کو بھول گئے ہیں۔ وقت گزرنے کے ساتھ پولیس کے اندر صورتحال اس حوالے سے بہتر ہوئی ہے۔ تاہم بطور معاشرہ صورتحال بہتر کرنے کی ضرورت ہے۔ پولیس کو ہمارے معاشرہ میں محبت کی نگاہ سے نہیں دیکھا جاتا۔ پولیس کے بارے میں عمومی تاثر درست نہیں ہے۔ لوگ پولیس سے خوفزدہ بھی ہیں اور نالاں بھی۔ تھانہ کلچر کی بھی بات کی جاتی ہے۔ یہ درست ہے اس ضمن میں کافی اصلاحات بھی کی گئی ہیں۔ تاہم یہ نہیں کہا جا سکتا کہ تھانہ کلچر بالکل ٹھیک ہو گیا ہے، اس ضمن میں مزید کام کرنے کی ضرورت ہے۔ سہولیات کے فقدان کو ختم کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ وسائل کی وافر فراہمی ضروری ہے۔ یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ بدلتے زمانے کے ساتھ جرم کی نوعیت بدل رہی ہے۔ بچوں کے ساتھ ہونیوالے جرائم نے پورے معاشرے کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔ زینب کے واقعہ نے ہم سب کو پریشان کر دیا۔ اسی تناظر میں رائے عامہ ہموار کرنے کا کام بھی پولیس نے اپنے ذمے لے لیا ہے حالانکہ یہ کام پولیس کا نہیں ہے تاہم حالات کے تناظر میں پولیس نے یہ کام بھی شروع کر دیا ہے۔ گذشتہ ایک دو برس کا ہی جائزہ لیں تو بچوں کی حفاظت کے حوالے سے عظیم الشان سیمینار منعقد کروایا جس میں انھوں نے والدین، اساتذہ، صحافیوں، دانشوروں اور انسانی حقوق سے وابستہ مختلف اسٹیک ہولڈرز کو اکٹھا کر کے بچوں پر ہونے والے جنسی تشدد کے حوالے سے سب کی ذمے داریوں کا تعین کیا اور اس سنگین صورت حال سے بچوں کو بچانے کے لیے پالیسی میکرز کا کردار ادا کیا۔ ہم جانتے ہیں کہ اگر کسی فورس کے اچھے نتائج حاصل کرنے ہوں تو اس فورس کی ویلفیئر پر توجہ دینی لازم ہے اسی طرح فورس کے مسائل حل کرتے ہوئے جوانوں کے جتنے مسائل کم کیے جائیں اتنا ہی وہ چاک و چوبند نظر آتے ہیں۔ اس وقت پنجاب پولیس پورے ملک میں سب سے بہترین اور جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کر رہی ہے اور پولیس ویلفیئر کے حوالے سے بھی دیگر صوبوں کی پولیس پنجاب پولیس کو رشک کی نگاہ سے دیکھتی ہے لیکن پنجاب پولیس کا المیہ یہ ہے کہ اس کے حوالے سے سیاسی سطح پر تعریفی انداز نہیں اپنایا گیا۔ یہی وجہ ہے کہ یہاں ہونے والے کارنامے دب جاتے ہیں اور انھیں ملکی منظرنامے پر جگہ نہیں مل پاتی حالانکہ وہی پراجیکٹ پنجاب پولیس کے بعد دیگر کسی صوبے کی پولیس اپناتی ہے تو اسے ایک کارنامے کے طور پر پیش کیا جاتا ہے۔ یہ افسوس کی بات ہے کہ عمران خان پولیس کے محکمہ کو سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کے لیے استعمال کر رہے ہیں۔ ان کی جانب سے پنجاب پولیس کو ٹارگٹ بنانا پولیس کے مورال کو ڈاؤن کر رہا ہے۔ یہ دورنگی اب ختم ہونی چاہیے، ہم جہاں پولیس پر تنقید کرتے ہیں وہیں پولیس کے اچھے کاموں اور کارکردگی کو سراہنا بھی ہمارا فرض ہے۔ ہم یہ کیسے بھول سکتے ہیں کہ آج بہترین سیکیورٹی انتظامات لاہور پولیس نے ہی کیے ہے اور عالمی کرکٹ کو پاکستان کے حوالے سے مطمئن کیا ہے۔ کوئی بھی فوجی یا ریاستی اہلکار اپنی جان اس لئے قربان نہیں کرتا کہ اسے جان قربان کرنے کی تنخواہ ملتی ہے۔

تم جو چاہو تو سنو۔۔!

تحریر۔ کشف عبیر

ایک وقت تھا جب کتابوں کی موجودگی صرف بادشاہوں کے محلات تک محدود اور ان کی رسائی محض امرا اور سا کو میسر تھی۔ خواہ کتاب کتنی ہی ضروری کیوں نہ ہوتی عام لوگوں کو میسر نہیں ہوا کرتی تھی پھر اللہ تبارک تعالی نے خالق اور مخلوق کے مابین حائل فاصلے کو کم کرنے اور قربت بڑھانے کی غرض سے خاتم النبین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رحمت کی فروانی کے ساتھ ساتھ کتاب کی نعمت کے حصول کو بھی ہمارے لیے آسان کر دیا لیکن ہم نے اپنی نادانی کے باعث اس نعمت کو اپنے اوپر آسانی کی بجائے "عام" سمجھ لیا۔ بلاشبہ سکول، کالج اور یونیورسٹی کی کتب میں موجود نالج سے انکار نہیں لیکن اس کتاب کا کیا مقابلہ جو کلام اللہ ہو، کلام ربانی ہو۔ قرآن مجید کو صحیح پڑھنا اور سمجھنا رب تعالی کیقرب کو آسان کر دیتا ہے۔۔ اور یہ وہ علم ہے جو نہ صرف دنیا میں راہنمائی اور رب تک رسائی کا زریعہ بنتا ہے بلکہ قبر کے اندھیروں میں بھی اجالا بن کر ہماری بخشش کا سامان کرتا ہے۔۔ وہ قبر جس میں خواہ ہمیں کوئی کتنا ہی عزیز کیوں نہ رکھتا ہو، ساتھ دفن ہونا ہرگز گوارہ نہیں کرے گا نہ ہی شفاعت کی قدرت رکھتا ہوگا۔ لیکن اللہ کی کتاب قرآن مجید فرقان حمید سے درجہ بدرجہ طے کیا ہوا سفر رب سے قربت کا باعث ہوگا اور جب اللہ تعالی اپنے تک آنے والے راستے کو خود آسان بنا رہا ہو تو اس سے مستفید ہونا اور شکر کرنا ہم پہ واجب ہے۔ الحمدللہ یا رب العالمین!

سراج الحق کا تین نکاتی ایجنڈا اور قومی سلامتی

راجا ذاکر خان

پاکستان میں آئینی ادارے اپنے اپنے دائروں میں دستور اور قانون کے مطابق فرائض اسرانجام دیں تو ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکتا ہے اور سیاسی کشیدگی بھی ختم ہو سکتی ہے، ملک میں بڑتی ہوئی سیاسی کشیدگی اور انتشار نہ صرف عالمی سطح پر ملک کے لیے جگ ہنسائی کا باعث بن رہا ہے بلکہ قومی سلامتی بھی خطرے میں پڑھ رہی ہے، آئی ایم ایف اور والڈ بینک کے شکنجے میں جکڑا ملک خلفشار اور انتشار کا متحمل نہیں ہو سکتا، ملک میں مہنگائی اور بے روزگاری کا طوفان ہے اگر معاشی حالات مزید خراب ہوتے ہیں تو اللہ نہ کرے ملک کی سلامتی کو خطرہ لاحق ہو جائے گا، اس کا ادارک پاکستان کے ہر طبقہ فکر کو ہونا چاہیے۔ سیاسی افق پر موجود قومی قیادت اس سے لاتعلق دیکھائی دے رہی ہے، بدقسمتی سے ہم جن کو قومی قیادت کہتے ہیں ان کی اولادیں، سرمایہ اور اثاثے پاکستان سے باہر ہیں وہ صرف یہاں غریب عوام کو ستانے کے لیے ہیں۔ پاکستان اور یہاں کے عوام کی بہتری کے لیے وہ یہاں نہیں ہیں بلکہ محض حکمرانی کے لیے ہیں۔ پاکستان سے بے پناہ محبت رکھنے والے موجودہ حالات کے حوالے سے فکر مند ہیں۔

جماعت اسلامی پاکستان کے امیر و سابق سینٹر سراج الحق نے پوری دردمندی سے ملک وملت کو بحران سے نکالنے کے لیے تین نکاتی ایجنڈا پیش کیے ہیں، سراج الحق کا احساس ہے کہ اگر قومی قیادت ان تین نکات پر یکسو ہو جائے تو ہم سیاسی بحران سے نکل سکتے ہیں، اسٹبلشمنٹ کے سیاسی رول کو ختم کیا جائے، انتخابی اصلاحات کی جائیں، عام انتخابات کرائے جائیں۔ یہ تین ایسے نکات ہیں، جن پر عمل کے لیے سیاسی قیادت اتفاق کرے تو پاکستان چند برسوں میں سیاسی بحرانوں سے نکل آئے گا، جب ملک میں سیاسی استحکام ہوگا تو مہنگائی کنٹرول ہوگی بے روزگاری کا خاتمہ ہوگا، دوسرے الفاظ میں ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا۔ کسی بھی ملک میں معاشی اور سیاسی عدم استحکام خطرناک ہوتا ہے۔ یہ اگر زیادہ دیر قائم رہے تو ملک میں انارکی پھیلتی ہے اور دشمن اس انارکی سے خوب فائدہ اٹھا کر سلامتی سے کھیلتے ہیں۔

سراج الحق کے ان نکات کو پذیرائی ملنی چاہیے تھی مگر ایسا ابھی تک دیکھنے میں نہیں آیا نہ ہی ان نکات پر پاکستان کے قومی قائدین نے کوئی ردعمل دیا اور نہ ہی پاکستان کے اہل دانش نے ان پر کوئی مذاکرے کرائے، لکھنے والے بھی خاموش ہیں اور قیادت بھی خاموش ہے، یوں لگ رہا ہے کہ یہ اصلاح احوال نہیں چاہتے بلکہ اسی ایجنڈے پر ہیں جو پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کرنے والوں کا ایجنڈا ہے۔

پاک فوج نہ صرف پاکستان کی جغرافیائی سرحدوں کی محافظ ہے بلکہ دنیا بھر کے مظلوموں کی امید ہے، پاک فوج نے دنیا بھر میں جہاں بھی اس کو بھیجا گیا یہ ثابت کیا ہے کہ وہ مظلوموں کی محافظ اور انسان دوست ہے، اسٹبلشمنٹ کا جب سیاسی رول ختم ہوگا تو وہ سب کے لیے قابل احترام ہوگی وہ کسی ایک پارٹی کی نہیں بلکہ ملک وقوم کی ہوگی، اس ادارے کا آئین میں جو کردار متعین ہے وہی اس کو کرنا چاہیے اسی میں سب کی بھلائی ہے، قومی سلامتی کے امور دفاعی اور خارجہ پالیسی بنانے اور چلانے میں میں اس ادارے کی مشاورت ضروری ہے۔ فوج کا یہ ادارہ دنیا میں منفرد مقام رکھتا ہے۔ فوج اور عوام کے درمیان ہم آہنگی لازم ملزوم ہے، فوج عوامی تائید حمایت اور پشت پناہی کے بغیر فتح حاصل نہیں کر سکتی۔ فوج اور عوام کا ایک پیج پر ہونا قومی سلامتی کا بنیادی تقاضا ہے۔ ملک دشمنوں کی سازش رہی ہے کہ فوج اور عوام کے درمیان خلیج حائل کی جائے، ابھی تک دشمن اس سازش میں ناکام رہا ہے۔

جماعت اسلامی وہ نظریاتی جماعت ہے جو مشکل ترین دور میں بھی پاکستان کی سلامتی بقا اور پاکستان کی حفاظت کی خاطر فوج کے ساتھ کھڑی رہی ہے، پاکستان کو جب بھی نظریاتی اور جغرافیائی سرحدوں کو خطرہ لاحق ہوا جماعت اسلامی نے آگے بڑھ کر کردار ادا کیا، پاکستان کو دولخت ہونے سے بچانے کے لیے جدوجہد کی سزا آج بھی بنگلہ دیش میں بھگت رہی ہے۔

جماعت اسلامی کی قیادت ہو یا کارکن اس نے ہمیشہ ملک وملت کے لیے سوچا اور کردار ادا کیا، پوری تاریخ اس پر شاہد ہے، جماعت اسلامی کے ناقد بھی جماعت اسلامی کی حب الوطنی کی گواہی دیتے ہیں۔ جماعت اسلامی 75 برسوں میں جزوی طور پر شریک اقتدار رہی ہے مگر ان 75 برسوں میں جماعت اسلامی کے کسی ایک فرد پر کرپشن کا داغ نہیں لگا یہ صاحب کردار ہونے کی کھلی دلیل ہے۔ جماعت اسلامی نے صاحب کردار امانت دار اور دیانت دار قیادت قوم کے سامنے پیش کی اور عوام کی خدمت کے ریکارڈ قائم کیے۔

سراج الحق نے موجودہ حالات میں جو نکات پیش کیے ہیں وہ ملک وملت کی بہتری کے لیے ہیں جماعت اسلامی کو اس سے کچھ شاہد حاصل نہ ہو مگر پاکستان میں ایک نظام بن جائے گا جو رہتی دنیا تک قائم رہے گا آنے والی نسلیں اس سے استفادہ کریں گی، موجودہ قیادت کو دعائیں گی کہ انھوں نے اچھا نظام قائم کر کے دیا۔

ہماری سیاسی قیادت چونکہ کرپٹ ہے اس لیے شاہد صاف اور شفاف نظام کو قبول کرنے کے لیے تیار نہیں ہے، چاپلوسی اور دھندلی سے وہ ہمیشہ اقتدار کے ایوانوں تک پہنچ کر اپنے مفادات حاصل کرتی رہی ہے، اب بھی یہی سمجھتی ہے کہ اس کے بغیر اس کی دال نہیں گلے گی۔ جب تک انتخابی اصلاحات نہیں کی جاتیں سرمایہ داروں، جاگیر داروں اور کرپٹ اشرافیہ سے عوام کو آزاد نہیں کرایا جاتا پاکستان میں حقیقی تبدیلی مشکل ہے۔

قلم خوانیاں۔۔۔۔۔۔پروفیسر خضر حیات مرحوم کی یاد میں

پروفیسر ڈاکٹر ممتاز صادق خان

موت سے کسے مفر ہے؟ لیکن پروفیسر خضر حیات صاحب اتنے جلدی اور ایسے اناً فاناً دنیا سے چلے جائیں گے، یہ کسی کے وہم وگمان میں بھی نہ تھا۔ وہ تو ابھی تمام تر توانائیوں کے ساتھ زندگی کی دوڑ میں شامل تھے۔ اُن کے سفر آخرت سے محض تین دن پہلے کی بات ہے وادیِ پرل کی روشن صبح کا سفر ابھی جاری تھا، میں اپنے دفتر کے کام میں مصروف تھا، دفتر میں بالکل خاموشی تھی۔ اچانک قالین پر کسی کے قدموں کی ہلکی سی سرسراہٹ محسوس ہوئی۔ میں نے نظر اٹھا کر دیکھا تو پروفیسر خضر حیات صاحب تھے۔ اُن کے لبوں پر حسبِ معمول خفیف اور دلآویز مسکراہٹ تھی۔ میں نے پُرتپاک استقبال کیا۔ ہم کرسیوں پر بیٹھ چکے تو کہنے لگے ''تم اپنی کرسی پر بیٹھو، تمھیں وہاں بیٹھا دیکھ کر مجھے اچھا لگے گا'' میں اُن کے حکم کی تعمیل کی جرات نہ کر پایا۔ میری آنکھوں میں ابھی حیا کی اتنی رمق باقی ہے کہ اُستاد کی موجودگی میں اُن سے اونچی کرسی پر نہ بیٹھوں۔ میں اُن کے اصرار کے باوجود اُن کے برابر والی کرسی پر ہی بیٹھا رہا۔ پروفیسر خضر حیات صاحب سے یہ ملاقات ڈیڑھ ماہ کے بعد ہوئی تھی۔ ۲۲ ستمبر کو ہمارے کالج میں ہفتہ تقریبات کے ایک شاندار پروگرام کا آغاز ہوا۔ اس پروگرام کے سب ہی دنوں کے لیے انھیں دعوت دی گئی تھی۔ ابتدائی دو دن کے پروگرامات میں اُنھوں نے بھرپور شرکت کی تھی۔ پہلے دن کی تقریب میں آپ مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شریک ہوئے تھے۔ سٹیج پر بیٹھے ہوئے وہ بالکل جوان اور ہشاش بشاش لگ رہے تھے۔ سچ پوچھیے تو اُس دن کے پروگرام کو اُن کی وجہ سے توقیر اور اعتبار ملا تھا، ورنہ ہماری اس تقریب کو وہ اہمیت اور پذیرائی کہاں ملتی؟ پروگرام کے آخر میں اُنھوں نے ۱۵، ۲۰ منٹ کی ایک بھرپور تقریر کی جو غالباً اُن کی زندگی کی مختصر تقریروں میں سے ایک تھی، ورنہ بالعموم وہ آدھ، آدھ گھنٹے کی تقریر کیا کرتے تھے۔ دوسرے دن کی تقریب میں بھی وہ سارا وقت پنڈال میں موجود رہے اور انتہائی انہماک سے تمام پروگرام دیکھتے رہے۔ ہمارے ریٹائرڈ پروفیسروں میں سے وہ واحد شخص تھے جنھیں ریٹائرمنٹ کے بعد بھی کالج آنے میں بے حد خوشی ہوتی تھی۔ ہم نے جب بھی کسی پروگرام میں اُنھیں دعوت دی وہ سب مہمانوں سے پہلے کالج تشریف لے آتے تھے۔

۸ نومبر کو ڈیڑھ ماہ کے تعطل کے بعد ہونے والی اِس ملاقات میں، میں نے اُن میں دو باتیں خلافِ معمول پائیں۔ ایک یہ کہ اُن کے چہرے پر وہ بشاشت اور تازگی نہ تھی جو عمر اُن کا لازمہ رہی، دوسرے اُن کا معمول تھا کہ وہ گاڑی کی چابی کبھی جیب میں نہیں ڈالتے تھے ہمیشہ ہاتھ میں رکھتے تھے۔ آج اُن کے ہاتھ میں چابی نہ تھی، مجھے لگا کہ شاید علالت کے باعث سرِ راب گاڑی نہ چلا سکتے ہیں۔ میں نے پوچھا سر! آج آپ گاڑی خود نہیں چلا لائے؟ فرمانے لگے، کیوں نہیں؟ میں تو گاڑی خود ہی چلاتا ہوں اور اللہ کا شکر ہے مجھے اس میں کوئی مسئلہ نہیں ہوتا۔ میں نے دوسرا سوال پوچھا، سر آپ کی صحت کیسی ہے؟ ان دنوں کوئی مسئلہ تو نہیں؟ کہنے لگے'' کچھ عرصہ سے میرا ایک پھیپھڑا متاثر ہے اس وجہ سے مجھے سردیوں میں سانس کے کچھ مسائل کا سامنا ہوتا ہے۔ باقی الحمد اللہ بالکل ٹھیک ہوں''۔ ان کی بات سُن کر مجھے ان کی صحت کے حوالے سے کافی اطمینان ہو گیا۔

ہمارے درمیان گفتگو کا بس اتنا ہی تبادلہ ہوا تھا کہ کچھ پروفیسر صاحبان دفتر آ گئے ساتھ ہی آفس بوائے قہوہ لے آیا۔ سب لوگ قہوہ پینے لگے۔ میں نے محسوس کیا کہ پروفیسر خضر حیات صاحب کے قہوہ پینے کا انداز سب سے منفرد تھا۔ اِس انداز میں کمال سلیقہ اور نفاست تھی۔ وہ دیر بعد قہوہ کا گھونٹ لیتے اور پیالی بغیر آواز پیدا کیے میز پر رکھی پرچ پر رکھ کر گفتگو میں محو ہو جاتے۔ جس دوران میں وہ قہوہ پیتے اور پروفیسر صاحبان سے باتیں کرتے رہے میں یادوں کے ایک مختصر سفر پر نکل گیا۔

یادوں کے اِس سفر نے مجھے اپنے زمانہ طالب علمی میں لا کھڑا کیا، جب میں اسی ادارے میں ایف ایس سی، سال اوّل کا طالب علم تھا جہاں آج میں سینئر موسٹ فیکلٹی ممبر اور منتظم ہوں۔ پروفیسر خضر حیات اس ادارے میں بیالوجی کے جواں سال اور خوب رو اُستاد تھے۔

کیپٹن حسین خان شہید کالج کی پرانی عمارت کے برآمدے اور لاونج میں ہر وقت طالب علموں کا رش لگا رہتا تھا۔ کلاس کی تبدیلی کے اوقات میں تو وہاں سے گزرنا محال ہوتا تھا۔ پروفیسر صاحبان اِس بھیڑ سے بمشکل گزر کر اپنی کلاس میں پہنچ پاتے تھے۔ غالباً ۱۱ بجے چاچا شکر محمد یا چاچا قاسم علی، پرنسپل آفس کے سامنے لکڑی کی وال پلیٹ سے ٹنگی، تانبے کی گھنٹی پر لکڑی کے ہتھوڑے سے چار ضربیں لگاتے تو یہ سال اوّل کی بیالوجی کی کلاس کا اعلان ہوتا تھا۔ یہ گھنٹی بجتے ہی لیبز والے بلاک کی طرف سے جوتوں کی کھنک دار چاپ سنائی دینے لگتی تھی۔ یہ چاپ سنتے ہی برآمدوں میں رش چھٹنے لگتی تھی۔ دیواروں اور ستونوں کے ساتھ ٹیک لگائے لڑکے ادھر اُدھر سرک جاتے کچھ بھاگم بھاگ اپنی کلاسوں کا رخ کرتے۔ یہ سب ہلچل اُس کھنک دار ٹک ٹک کے باعث ہوتی تھی جو پروفیسر خضر حیات صاحب کے جوتوں کی ہوتی تھی۔

بیالوجی کی بھاری بھرکم کتاب اٹھائے پروفیسر خضر حیات صاحب نمودار ہوتے انھیں دیکھ کر طبیعت خوش ہو جاتی تھی۔ دراز قد، گھنے سیاہ بال، خوبصورت سوٹ اور نکٹائی میں ملبوس، بڑھیا فرانسیسی خوشبو سے معطر، انتہائی دلآویز خط وخال، اور اس پر بائیں آنکھ کے نیچے ایک توانا سیاہ تل، چہرے پر بلا کی سنجیدگی، ان سب اوصاف نے مل کر پروفیسر خضر حیات صاحب کو ایک طلسماتی شخصیت کا روپ دیا تھا۔ اِس طلسماتی وجود کے ساتھ وہ جدھر سے گزرتے وہاں سکوت طاری ہو جاتا ہے۔

اُن کے کلاس میں آنے جانے کا معمول دیکھ کر گھڑی کا وقت درست کیا جا سکتا تھا۔ اپنی کلاس شروع ہونے کے ۱ منٹ بعد وہ کلاس میں ہوتے اور ٹھیک ۴۰ منٹ بعد کلاس چھوڑتے تھے۔ کالج کے باقی اساتذہ سے ہم کلاس ۵ منٹ پہلے چھوڑنے کا تقاضا کر لیتے تھے وہ مان بھی جایا کرتے تھے لیکن پروفیسر خضر صاحب سے کلاس پہلے چھوڑنے کا مطالبہ کرنے کی جرآت کبھی کوئی نہیں کر سکا۔

وہ بہت محنت سے پڑھاتے تھے۔ اُن کی کلاس میں ڈسپلین مثالی ہوتا تھا۔ ڈسپلین کی خلاف ورزی اوّل تو کوئی کرتا نہ تھا اگر بھولے سے کوئی کر لے تو اُسے اُن کے عتاب کا شکار ہونا پڑتا تھا۔ اُن کے سامنے بڑے بڑے کھڑپینچوں اور چھری ماروں کی زبان گنگ ہو جاتی تھی۔ کالج کی فضاؤں میں پروفیسر خضر حیات صاحب کا سکّہ چلتا تھا۔ اُن کی بات ہی نہیں، اشارہ بھی حکم کا درجہ رکھتا تھا۔ پروفیسر خضر حیات صاحب کو پوسٹ گریجویٹ کالج راولاکوٹ سے گئے دو دہائیوں سے زیادہ عرصہ ہو گیا ہے لیکن آج بھی ادارے کے در و دیوار پر اُن کے نقوش صاف صاف محسوس کیے جا سکتے ہیں۔

وہ کرکٹ کے بہت اچھے کھلاڑی تھے۔ راولاکوٹ میں کرکٹ متعارف کروانے اور اس کھیل کی ترویج میں اُن کا بڑا ہاتھ ہے۔ وہ ٹیبل ٹینس کے بھی بہت اچھے کھلاڑی تھے۔

ہمارے زمانہ طالب علمی میں وہ بہت سنجیدہ اور کم آمیز ہوتے تھے۔ اُن کا اٹھنا، بیٹھنا، صرف سائنس مضامین کے چند پروفیسروں کے ساتھ تھا اور دوستی تو غالباً صرف پروفیسر نسیم صاحب کے ساتھ تھی جو اُن کے ہم مضمون بھی تھے۔ وہ سٹاف روم اور پرنسپل آفس کی طرف بھی کم جاتے تھے۔ کالج میں زیادہ وقت وہ بیالوجی لیب سے متصل اپنے چھوٹے سے دفتر میں گزارتے تھے۔ موسم سرما میں وہ لیب کے برآمدے میں بیٹھا کرتے تھے۔

اُن کے لیب بوائے، قاسم علی اور بعد میں صائب الدین انتہائی مستعدی سے اُن کی خدمت پر مامور رہتے تھے۔ اُن کے لیے چائے کا تھرماس ہر وقت حرکت میں رہتا تھا۔ وہ کمال کے مہمان نواز تھے۔ اُن کے پاس لیب میں جو جاتا تھا، چائے کے بغیر نہیں لوٹتا تھا۔ ہمارے کالج سے فارغ ہونے کے تھوڑے عرصہ بعد پروفیسر خضر حیات کی خدمات زرعی کالج راولاکوٹ کو منتقل ہو گئیں بعد ازاں وہ جامعہ مظفر آباد چلے گئے۔



اداکارہ صبا قمر کے بھائی انتقال کر گئے

اداکارہ کی منیجر مشال چیمہ کی مداحوں سے دعائے مغفرت کی درخواست

کراچی (این این آئی) نامور پاکستانی اداکارہ صبا قمر کے بھائی انتقال کر گئے۔ انسٹاگرام اسٹوری پر صبا قمر نے انا للہ وانا الیہ راجعون تحریر کیا۔ بعدازاں اداکارہ کی منیجر مشال چیمہ نے بھی انسٹاگرام اسٹوری پر صبا قمر کے پیغام کی تصدیق کی۔ مشال چیمہ نے تحریر کیا کہ انتہائی دکھ کے ساتھ مجھے یہ اعلان کرنا پڑ رہا ہے کہ آج صبح صبا قمر کے بھائی انتقال کر گئے ہیں۔ انہوں نے مداحوں سے صبا قمر کے بھائی کیلئے دعا مغفرت کی درخواست کی۔ نامور پاکستانی اداکارہ صبا قمر کے بھائی انتقال کر گئے۔

''دی لیجنڈ آف مولا جٹ'' 200 کروڑ کے کلب میں شامل ہوگئی

فلم 13 اکتوبر کو پوری دنیا میں ریلیز کی گئی پنجابی فلم 'مولا جٹ' کا ری میک ہے

لندن (این این آئی) پاکستانی فلم ''دی لیجنڈ آف مولا جٹ'' تاریخ ساز کامیابی حاصل کرتے ہوئے 200 کروڑ کے کلب میں شامل ہوگئی۔ بلال لاشاری کی ہدایت کاری میں بننے والی فلم اس سے قبل 100 کروڑ کے کلب میں شامل ہونے والی پہلی فلم کا اعزاز بھی حاصل کر چکی ہے۔ فلم اب تک پوری دنیا میں 9.05 ملین ڈالر کا بزنس کر چکی ہے جس کا پاکستانی روپے میں تخمینہ 200 کروڑ روپے سے زائد ہے۔ 'دی لیجنڈ آف مولا جٹ' کی نمائش دنیا بھر میں جاری ہے اور فلم مزید کامیابی حاصل کرنے کیلئے تیار ہے۔ ایک برطانوی ادارے کی رپورٹ کے مطابق پچھلے چار برسوں کے دوران یوکے باکس آفس میں 'دی لیجنڈ آف مولا جٹ' برصغیر پاک و ہند کی سب سے زیادہ کمائی والی فلم بن چکی ہے۔

شو چھوڑ جانے کے بعد فاطمہ سہیل سے بات کی تو وہ رو پڑیں، رابعہ انعم

میں گھریلو تشدد کے خلاف اٹھائی گئی اپنی آواز کو کم نہیں دیکھنا چاہتی، ٹی وی



کراچی (این این آئی) ٹی وی میزبان رابعہ انعم نے کہا ہے کہ جب انہوں نے کچھ دن قبل ندا یاسر کا شو چھوڑا تھا تو وہاں سے نکلنے کے بعد سب سے پہلے انہوں نے فاطمہ سہیل کو فون کیا تھا، جس پر وہ ان کے ساتھ بات کرتے وقت رو پڑی تھیں۔ رابعہ انعم 8 نومبر کو ندا یاسر کے مارننگ شو سے اٹھ کر چلی گئی تھیں، ان کے ساتھ پروگرام میں اداکارہ فضا علی اور محسن عباس حیدر بھی مہمان تھے۔ رابعہ انعم نے پروگرام کو چھوڑ کر جانے سے قبل ندا یاسر، اے آر وائے چینل اور پروگرام کے پروڈیوسرز سے معافی بھی مانگی۔

رنویر سنگھ نے اپنی بیوی کو خوش رکھنے کے راز سے پردہ اٹھا دیا

بیوی خوش رکھنے کیلئے ضروری نہیں کہ اسے ڈائمنڈ دیے جائیں

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار رنویر سنگھ شادی کی چوتھی سالگرہ پر اپنی اہلیہ دپیکا پڈوکون کے آفس پہنچ گئے۔ رنویر سنگھ نے انسٹاگرام پر دپیکا پڈوکون کے آفس کی تصویر شیئر کی جہاں وہ اپنی ٹیم کے ہمراہ کام میں مصروف تھیں۔ اداکار نے بتایا کہ وہ شادی کی سالگرہ پر دپیکا پڈوکون کو سرپرائز کرنے کے لیے آفس پہنچے ہیں۔ اس موقع پر انہوں نے ایک گلدستہ اور چاکلیٹ سے بھرا باکس بطور تحفے کے دپیکا کو پیش کیا۔ اداکار نے اپنے مداحوں کو بتایا کہ بیوی خوش رکھنے کیلئے ضروری نہیں کہ اسے ڈائمنڈ دیے جائیں بلکہ چاکلیٹ اور پھول سے بھی یہ کام ہو سکتا ہے۔ واضح رہے کہ دونوں اداکاروں نے

امریکی اداکارہ جینیفر اینسٹن کے والد 89 سال کی عمر میں چل بسے

نیویارک (این این آئی) امریکی اداکارہ جینیفر اینسٹن کے والد 89 سال کی عمر میں چل بسے۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق جینیفر اینسٹن نے اپنے والد کی موت کی خبر سوشل میڈیا پر شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ آپ بہت ہی خوبصورت انسانوں میں سے ایک تھے جنہیں میں جانتی تھی۔ جینیفر اینسٹن نے اپنی پوسٹ میں بتایا کہ ان کے والد کا انتقال 11 نومبر کو ہوا۔ اداکارہ نے اپنے پیغام کے ساتھ والد کی تصاویر بھی شیئر کیں۔ امریکی گلوکارہ جینیفر لوپیز، اداکار ریان رینولڈز اور اداکارہ گیل گیڈوٹ سمیت ہالی ووڈ انڈسٹری کے فنکاروں سمیت دیگر مداحوں نے بھی جینیفر اینسٹن سے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

جنت مرزا کا بریک اپ کا اعلان مذاق نکلا

ٹک ٹاک سٹار نے عمر بٹ کے کلین شیو ہونے پر از راہ مذاق علیحدگی کی اسٹوری شیئر کی تھی

لاہور (این این آئی) پاکستان کی نمبرون ٹک ٹاک اسٹار اور نئی ابھرتی ہوئی اداکارہ جنت مرزا کے اچانک بریک اپ کے اعلان سے مداح ہکا بکا رہ گئے لیکن جیسے ہی بریک اپ کے مذاق کی وجہ معلوم ہوئی تو صارفین ہنسی نہ روک سکے۔ مقبول ترین فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر شیئر کی گئی اسٹوری میں جنت مرزا نے کہا کہ میں اب سنگل ہوں، میں مزید اب کسی رشتے میں نہیں ہوں، اس سے متعلق مجھ سے کوئی سوال نہ کیا جائے۔ معروف ٹک ٹاک اسٹار کے بریک اپ کی خبر سوشل میڈیا پر جنگل میں آگ کی طرح پھیلی لیکن کچھ ہی دیر بعد ان کا بھانڈا پھوٹ گیا۔

رنگت کی وجہ سے برسوں تک میری بے عزتی کی جاتی رہی، متھن

میں نے بیحد مشکل زندگی گزاری، نہیں چاہتا میری زندگی پر کوئی بائیوپک بنائی جائے

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ گری کے سینئر اداکار متھن چکرورتی نے انکشاف کیا ہے کہ انہیں کالی رنگت کی وجہ سے کئی سالوں تک بے عزتی کا سامنا کرنا پڑا۔ بھارتی ویب سائٹ کی رپورٹ کے مطابق ٹی وی ریئلٹی شو سارے گا ما پا میں بطور مہمان خصوصی شرکت کرنے والے سینئر اداکار متھن چکرورتی نے کہا کہ میں نہیں چاہتا کہ میری زندگی پر کوئی بائیوپک بنائی جائے کیونکہ میں نے بیحد مشکل زندگی گزاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں کبھی نہیں چاہتا کہ کوئی بھی اس سے گزرے جس سے میں زندگی میں گزرا ہوں، ہر ایک نے مشکل دنوں میں جدوجہد اور جدوجہد دیکھی ہے، لیکن مجھے انڈسٹری میں میری رنگت کی وجہ سے کئی سالوں تک بے عزت کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے ایسے دن دیکھے ہیں جب مجھے خالی پیٹ سونا پڑتا تھا۔



عبداللہ شفیق انگلینڈ کیخلاف ٹیسٹ سیریز کیلئے پرجوش

ہمارے لیے انگلینڈ کے خلاف سیریز ایک چیلنج ہوگی' ٹیسٹ کرکٹر کی گفتگو

لاہور (این این آئی) ٹیسٹ کرکٹر عبداللہ شفیق انگلینڈ کے خلاف تین ٹیسٹ میچز کی ہوم سیریز کے لیے پرجوش ہیں۔ اس حوالے سے انہوں نے کہا کہ انگلینڈ کے خلاف ہوم سیریز کے منتظر ہوں، ہمارے لیے انگلینڈ کے خلاف سیریز ایک چیلنج ہوگی۔ بائیس سالہ عبداللہ شفیق ٹیسٹ کرکٹ میں تسلسل کے ساتھ پرفارم کر رہے ہیں، وہ اب تک سات ٹیسٹ میچز کھیل چکے ہیں جن میں انہوں نے 66.90 کی اوسط سے 736 رنز اسکور کیے ہیں جن میں دو سنچریاں اور 4 نصف سنچریاں شامل ہیں، وہ ایک ون ڈے انٹرنیشنل اور 3 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز بھی کھیل چکے ہیں۔ عبداللہ شفیق نے کہا کہ ہم ٹیسٹ میں اچھا کھیلتے آ رہے ہیں، اسی کو برقرار رکھیں گے، بس اب چھوٹی چھوٹی خامیوں پر قابو پانا ہے، ہمیں اچھی کرکٹ کھیلنا ہے، اور اس کے لیے ہم سب ڈومیسٹک کرکٹ میں میچز کھیلنے پر توجہ دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انگلینڈ کے خلاف سیریز کے لیے پرجوش اس لیے بھی ہوں کہ جن کھلاڑیوں کو ٹی وی پر ٹیسٹ کھیلتے دیکھا ان کے خلاف یہاں کھیلیں گے، انفرادی گول کے بارے میں نہیں سوچا، اچھی پرفارمنس ٹارگٹ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہوم سیریز سے قبل فوکس قائداعظم ٹرافی پر ہے، کوشش یہی ہے کہ چار روزہ میچز میں اپنی فارم کو برقرار رکھوں، ہماری فرسٹ کلاس کرکٹ کا بڑا نام ہے، مقابلے کی کرکٹ ہوتی ہے، ہم ڈومیسٹک کھیل رہے ہیں، اس لیے لمبے وقفے کے بعد ٹیسٹ کھیلنے سے فرق نہیں

چیئرمین پی سی بی کی کپتان بابراعظم و دیگر کھلاڑیوں کے ہمراہ وطن واپسی

کھلاڑیوں کے ایئرپورٹ پہنچنے پر شہریوں نے پاکستان زندہ باد کے نعرے لگائے

لاہور (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم آسٹریلیا میں ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ فائنل کے بعد وطن واپس پہنچ گئی، کھلاڑیوں کے ایئرپورٹ پہنچنے پر شہریوں نے پاکستان زندہ باد کے نعرے لگائے اور سیلفیاں بنائیں۔ نجی ایئر لائن کے ذریعے لاہور کے علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر پہنچنے والے کرکٹ ٹیم اسکواڈ میں پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین رمیز راجہ سمیت کپتان بابراعظم، آصف علی، عثمان قادر اور فاسٹ بالر نسیم شاہ اور دیگر آفیشل شامل تھے۔ بابراعظم کی ایئرپورٹ آمد پر لوگوں کے ہجوم نے پاکستان زندہ باد کے نعرے لگائے اور پلیئرز کے ساتھ تصاویر اور سیلفیاں بھی بنوائیں۔ کھلاڑیوں کو ویلکم کرنے کے لیے انکے اہل خانہ بھی ایئرپورٹ پر موجود تھے۔ سخت سکیورٹی میں کھلاڑیوں کو گاڑیوں تک پہنچایا جہاں سے وہ میڈیا سے بات کیے بغیر روانہ ہو گئے۔

ملک میں صوبائی سطح اتھلیٹکس کے ٹیلنٹ کی کمی نہیں بلکہ کھلاڑیوں کو سہولیات فراہم کرنے کی ضرورت ہے، تاج محمد مہر

اسلام آباد (این این آئی) اتھلیٹکس ایسوسی ایشن آف سندھ کے سیکرٹری جنرل تاج محمد مہر نے کہا ہے کہ ملک میں صوبائی سطح اتھلیٹکس کے ٹیلنٹ کی کمی نہیں بلکہ کھلاڑیوں کو سہولیات فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک میں اتھلیٹکس کا بے پناہ ٹیلنٹ موجود ہے اور حکومت پاکستان اتھلیٹکس فیڈریشن کے ساتھ مل کر اس ٹیلنٹ کو بروئے کار لانے کے لئے ٹھوس اقدامات کرے تاکہ یہ ٹیلنٹ بین الاقوامی سطح پر ملک و قوم کا نام مزید روشن کرے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی اتھلیٹکس کے کھلاڑیوں نے بین الاقوامی سطح بے پناہ میڈلز حاصل کر رکھے ہیں۔ اس روٹ سطح پر تعلیمی ادارے کھیلوں کی ترقی کے لئے اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ اور اس کے ساتھ ساتھ کھیلوں کی اکیڈمیز کا قیام بھی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اتھلیٹکس فیڈریشن کے صدر میجر جنرل ریٹائرڈ محمد اکرم ساہی اور ان کی کاوشوں سے پنجاب سٹیڈیم لاہور میں سرکاری سطح پر اتھلیٹکس کی اکیڈمی قائم کی گئی ہیں جو خوش آئند بات ہے۔ اس اکیڈمی سے نیا ٹیلنٹ کا سامنا آئے گا۔ ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ اتھلیٹکس کے ٹیلنٹ کا اس بات سے اندازہ لگا سکتے ہیں کہ ارشد ندیم نے رواں سال کامن ویلتھ گیمز اور اسلامک سالیڈیریٹی گیمز کے دونوں جیولین تھرو کے ایونٹس میں طلائی تمغے جیت کر ملک وقوم کا نام روشن کیا۔

سندھ کی مردوں اور خواتین کی ٹیموں کے چناؤ کے لئے ایک روزہ اوپن ٹرائلز 20 نومبر کو ہونگے

اسلام آباد (این این آئی) سندھ اتھلیٹکس ایسوسی ایشن کے زیراہتمام قومی اتھلیٹکس چیمپئن شپ کے لیے سندھ کی مردوں اور خواتین کی ٹیموں کے چناؤ کے سلسلہ میں ایک روزہ اوپن ٹرائلز 20 نومبر کو پی ایس بی کوچنگ سنٹر کراچی میں ہونگے۔ گزشتہ روز سندھ اتھلیٹکس ایسوسی ایشن کے سیکرٹری تاج محمد مہر نے بتایا کہ ٹرائلز کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں۔

جونیئر چیمپ آرچری ٹورنامنٹ کا آغاز 19 نومبر سے ہوگا، عابد بٹ

رواں سال بھی جونیئر چیمپ آرچری ٹورنامنٹ شایان شان انداز سے منعقد کیا جائے گا، گفتگو

کراچی (این این آئی) باکمان اور النادی البرہانی اسپورٹس سینٹر کے زیراہتمام جونیئر چیمپ آرچری ٹورنامنٹ 19 نومبر سے النادی البرہانی اسپورٹس سینٹر کے سبزہ زار پر شروع ہوگا۔ ایونٹ آرگنائزر عابد بٹ نے بتایا کہ ٹورنامنٹ کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں، اور ایونٹ کو پاکستان اسٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کی بھرپور معاونت بھی حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ کی طرح اس سال بھی جونیئر چیمپ آرچری ٹورنامنٹ شایان شان انداز سے منعقد کیا جائے گا۔

کرسٹیانو رونالڈو اور انگلش کلب کے جلد راہیں جدا ہونے کا امکان

رونالڈو کو اب ہم مانچسٹر یونائیٹڈ میں نہیں دیکھنا چاہتے

مانچسٹر (این این آئی) پرتگال سے تعلق رکھنے والے اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو اور انگلش کلب مانچسٹر یونائیٹڈ کے درمیان جلد راہیں جدا ہونے کا امکان زور پکڑ گیا۔ تفصیلات کے مطابق کلب اور فٹبالر کے درمیان جولائی 2023ء تک معاہدہ طے ہے۔ تاہم اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو نے ایک انٹرویو کے دوران مانچسٹر یونائیٹڈ کی انتظامیہ پر الزام عائد کیا ہے کہ انہوں نے میرے ساتھ دھوکا کیا۔ رونالڈو نے کہا کہ کلب کے منیجر ٹین ہیگ نے انہیں کلب چھوڑ کر جانے پر مجبور کرنے کی کوشش کی جبکہ کلب کی کارکردگی میں بہتری نہ آنے پر انہیں شدید تنقید کا نشانہ بنایا، انہوں نے کہا کہ کلب کے

ہر آسٹریلوی پوچھ رہا ہے کہ دل دل پاکستان کیا ہے؟، پاکستانی سفیر

سڈنی (این این آئی) آسٹریلیا میں پاکستان کے سفیر زاہد حفیظ چوہدری نے کہا ہے کہ آسٹریلیا میں ہر کوئی یہی پوچھ رہا ہے کہ دل دل پاکستان کیا ہے؟۔ ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کے سیمی فائنل میں نیوزی لینڈ کے خلاف فتح کے بعد سڈنی کرکٹ گراؤنڈ دل دل پاکستان کے گانے سے گونج اٹھا تھا، تماشائیوں کی بڑی تعداد نے یہ گانا گایا تھا تاہم زاہد حفیظ چوہدری نے ٹوئٹر پر پاکستان کرکٹ بورڈ کی جانب سے شیئر کردہ ویڈیو ری ٹوئٹ کی جس میں دیکھا جا سکتا ہے کہ فائنل میں شکست کے بعد قومی ٹیم کے ہوٹل پہنچنے پر مداح ان کا پرتپاک استقبال کر رہے ہیں، پیچھے گانا ہے جذبہ جنوں بھی چل رہا ہے۔ پاکستانی سفیر نے اپنی ٹوئٹ میں لکھا کہ آسٹریلیا میں پاکستانیوں سے زیادہ انگلش ثقافت کے لوگ پائے جاتے ہیں۔

انگلش ٹیسٹ کرکٹر بھی شاہین کی ہمت و بہادری کی داد دیے بغیر نہ رہ سکے

لندن (این این آئی) انگلینڈ کے ٹیسٹ کرکٹر اسٹورٹ براڈ بھی قومی ٹیم کے فاسٹ بولر شاہین کی ہمت کی داد دیے بنا نہ رہ سکے۔ ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کے فائنل میں شاہین انگلش کھلاڑی ہیری بروک کا کیچ لیتے ہوئے گر پڑے تھے جس کے بعد وہ دوبارہ گھٹنے کی انجری کا شکار ہو گئے تاہم اس کے باوجود وہ اپنا اگلا اوور کرانے آئے۔ شاہین نے 16 ویں اوور کی پہلی گیند کرائی جس کے بعد تکلیف کے باعث وہ مکمل نہ کرا سکے اور میدان سے باہر چلے گئے جس کے بعد ان کا اوور افتخار احمد نے مکمل کروایا اسی حوالے سے خبریں زیر گردش تھیں کہ شاہین کے انجری کے باعث دسمبر میں انگلینڈ اور نیوزی لینڈ کے خلاف سیریز نہ کھیلنے کا امکان ہے۔

کیرون پولارڈ کا انڈین پریمیئر لیگ سے بھی ریٹائرمنٹ کا اعلان

اگر ممبئی انڈینز کیلئے نہیں کھیل سکتا تو اس کیخلاف بھی نہیں کھیلنا چاہتا' سابق کپتان ویسٹ انڈیز

نئی دہلی (این این آئی) ویسٹ انڈیز کے سابق کپتان کیرون پولارڈ نے انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) سے بھی ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا۔ سماجی رابطے کی سائٹ ٹوئٹر پر جاری کیے گئے پیغام میں کیرون پولارڈ نے آئی پی ایل سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ریٹائرمنٹ کا فیصلہ میرے لیے آسان نہیں تھا، میں مزید کرکٹ کھیلنا چاہتا تھا۔ اگر میں ممبئی انڈینز کے لیے نہیں کھیل سکتا تو اس کے خلاف بھی نہیں کھیلنا چاہتا۔ سابق بیٹنگ آل راؤنڈر کیرون پولارڈ نے کہا کہ ممبئی انڈینز کے ساتھ میرا تعلق ختم نہیں ہوا، اب میں بطور بیٹنگ کوچ ٹیم کے ساتھ ہوں گا۔ واضح رہے کہ رواں سال اپریل میں کیرون پولارڈ نے انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا تھا۔ کیرون پولارڈ نے ویسٹ انڈیز ٹیم کی 123 ون ڈے اور 101 ٹی ٹوئنٹی میچز میں نمائندگی کی۔ پولارڈ نے 2007ء میں ون ڈے اور 2008ء میں ٹی 20 انٹرنیشنل میچز سے اپنے سفر کا آغاز کیا تھا۔

بقیہ 1

پر پنجاب اسمبلی تحلیل کرنے میں رتی بھر بھی تاخیر نہیں ہوگی۔ پنجاب اسمبلی عمران خان کی امانت ہے اور یہ امانت انہیں دے دی ہے۔ وزیراعلیٰ پرویزالٰہی نے کہا کہ غلط فہمیاں پیدا کرنے والے پہلے کی طرح اب بھی ناکام رہیں گے۔ عمران خان پاکستان کیلئے لازم و ملزوم ہیں۔ اپوزیشن عدم اعتماد کی تحریک لانے کا شوق پورا کرلے، پہلے کی طرح پھر ناکامی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں اپوزیشن کو پہلے بھی مار پڑی اور آئندہ بھی مار پڑے گی۔ اپوزیشن جاگتے میں خواب دیکھ رہی ہے۔ یہ تحریک عدم اعتماد کا شوشہ تو چھوڑ سکتے ہیں لیکن ان کے پاس ممبر ہی پورے نہیں۔ پرویزالٰہی نے کہا کہ پنجاب اسمبلی کا اجلاس ہو رہا ہو تو گورنر راج بھی نہیں لگ سکتا۔ اپوزیشن کو مخلصانہ مشورہ ہے کہ وہ بات کرنے سے قبل اسمبلی کے رولز آف بزنس کا مطالعہ کرلیا کریں۔ مونس الٰہی نے کہا کہ عمران خان جو کہیں گے بلا تردد عمل کریں گے۔ پنجاب اسمبلی کیا؟ عمران خان کے لئے جان بھی حاضر ہے۔ پی ڈی ایم کے ساتھ وہی ہورہا ہے جو اس نے بویا۔ سابق وفاقی وزیر پرویز خٹک اور عمران خان کے سیاسی مشیر حافظ فرحت عباس بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ 2

وفاقی وزیرخزانہ اسحاق ڈار نے 30 ستمبر2022 کو انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی آخری تاریخ میں ایک ماہ کی توسیع کا اعلان کیا تھا۔

بقیہ 3

آبادی 26 کروڑ 30 لاکھ اور 2050ء میں 33 کروڑ 80 لاکھ ہونے کا امکان ہے، بڑھتی آبادی پر قابو پانے کے لئے جلد نیشنل ایمرجنسی پلان دیا جائیگا، بیانیے کی تشکیل میں تمام اسٹیک ہولڈرز کو شامل کرنا چاہیے۔ وفاقی وزیراطلاعات مریم اورنگزیب نے پاپولیشن کونسل کے قیام کی 70ویں سالگرہ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے تجویز دی ہے کہ بڑھتی آبادی پر قابو پانے کے لئے صوبے الگ وزارتیں قائم کریں۔ انہوں نے کہا کہ بڑھتی آبادی پر قابو پانے کے لئے جلد نیشنل ایمرجنسی پلان دیا جائیگا۔ وزیراطلاعات نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے آئندہ ہفتے نیشنل ٹاسک فورس کا اجلاس طلب کیا ہے، نیشنل ٹاسک فورس میں صوبوں کو نمائندگی دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ رواں برس دنیا کی آبادی 8 ارب اور پاکستان کی 23 کروڑ ہوگئی ہے۔ وزیر اطلاعات و نشریات نے کہا کہ 75 سال میں پاکستان کی آبادی 3 کروڑ سے 23 کروڑ ہوگئی۔ انہوں نے کہا کہ 2030ء میں پاکستان کی آبادی 26 کروڑ 30 لاکھ اور 2050ء میں 33 کروڑ 80 لاکھ ہونے کا امکان ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ آبادی کے لحاظ سے پاکستان دنیا کا پانچواں بڑا ملک بن چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں کی تباہی کی طرح بڑھتی آبادی بھی خطرے کی گھنٹی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آبادی بڑھتی ہے تو تعلیم، صحت اور خدمات عامہ جیسے مسائل بھی پیدا ہوتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اٹھارہویں ترمیم کے بعد تعلیم، صحت اور خدمات عامہ جیسے مسائل صوبوں کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی آبادی 2 فیصد سالانہ کی رفتار سے بڑھ رہی ہے، ان مسائل سے نمٹنے کے لئے بڑھتی ہوئی آبادی کے مسئلے سے نمٹنا ہوگا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ قومی اہمیت کے ان مسائل پر قومی بیانیہ تشکیل دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیانیے کی تشکیل میں تمام اسٹیک ہولڈرز کو شامل کرنا چاہیے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومتی سطح پر ایسے مسائل پر کھل کر بحث ہونی چاہئے، سب کو کردار ادا کرنا ہوگا، سیلاب جیسی قدرتی آفت کے نتیجے میں قوم نے حال ہی بڑی تباہی کا سامنا کیا۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ تباہ کن سیلاب کے باعث پاکستان میں بچے اور خواتین شدید متاثر ہوئے۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ ماضی میں پارلیمنٹ میں منعقدہ قومی کانفرنس کے منظور کردہ اعلامیہ میں اہداف کا واضح تعین ہوا تھا۔ انہوں نے کہا کہ کانفرنس کے اعلامیہ پر صوبوں کے دستخط بھی ہیں، ان اہداف اور تجویز کردہ اقدامات کی بحالی کی ضرورت ہے۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ اس طرح ہم پالیسی سازی، قانون سازی اور بیانیہ کی تشکیل کے ساتھ مطلوبہ اہداف حاصل کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں محکمہ منصوبہ بندی نے بہت اچھا کام کیا، عوام کو اس مسئلے سے آگاہ کرنے میں کلیدی کردار ادا کیا۔ وزیراطلاعات نے بڑھتی آبادی کے حوالے سے ڈیجیٹل میڈیا پر آگاہی پیدا کرنے اور بیانیہ کی تشکیل میں پاپولیشن کونسل کو ہرممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

☆☆☆☆☆

بقیہ 4

میڈیا سے گفتگو میں فواد چوہدری نے کہا کہ تحریک انصاف 20 مارچ سے پہلے الیکشن چاہتی ہے، ہوسکتا ہے کہ ہماری پارٹی کے بعض افراد کی رائے ہو کہ صوبائی اسمبلیاں تحلیل نہ کی جائیں لیکن جب فیصلہ ہوگیا ہے تو سب استعفے دیں گے۔ امریکی سفیر سے ملاقات پر انہوں نے کہا کہ امریکا اور دیگر ممالک کے سفیروں سے رابطہ ہوتا رہتا ہے، سفیر سیاسی جماعتوں کا نقطہ نظر سمجھنا چاہتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

بقیہ 5

گھر جارہا تھا کہ راستے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے اہلکار کو موت کے گھاٹ اتار دیا، مقتول پولیس اہلکار ایکسائز دفتر کے نائٹ شفٹ میں ڈیوٹی پر معمور تھا۔ پولیس نے سرچ آپریشن شروع کر دیا جبکہ لاش پوسٹ مارٹم کے لیےنگی ہسپتال منتقل کردی گئی۔

بقیہ 6

تھی کے خلاف مقدمہ درج کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق محمد حسین نے خاتون شیبا بی بی کو کہا کہ میرے محکمہ تعلیم میں اچھے مراسم ہیں اور میں آپ کو محکمہ تعلیم میں نوکری دلواؤں گا۔ گزشتہ روز ملزم محمد حسین نے شیبا بی بی کو ٹیلی فون کرکے انٹرویو کے لئے بلوایا اور گاڑی میں بیٹھا کر نامعلوم مقام پر لے گیا اور وہاں لے جا کر زبردستی اسکی عزت لوٹ لی اور ایدھی سنٹر کے قریب قتل اور سنگین نتائج کی دھمکیاں دیتے ہوئے گاڑی سے اتار دیا اور فرار ہو گئے۔ تھانہ سٹی پولیس پتوکی نے شیبا بی بی کی تحریری درخواست پر ملزم محمد حسین اور اسکے نامعلوم ساتھی کے خلاف مقدمہ درج کرلیا ہے۔

بقیہ 7

سے اسمبلیاں تحلیل کرنے کا اعلان غیر آئینی ہے، اس طرح کے ادارے آئین اور جمہوری نظام کی توہین ہے، ہم اس کی مذمت کرتے ہیں تاہم اگر عمران خان اپنے اقدام میں کامیاب ہوتے ہیں تو ہم آئین کی منشا کے مطابق عمل کریں گے، پنجاب اور کے پی اسمبلی ٹوٹنے پر بلوچستان اور سندھ میں تو الیکشن نہیں ہوگا، مرکز میں تو نگران حکومت نہیں ہوگی، گورنر راج اور عدم اعتماد آئینی طریقے ہیں اور یہ استعمال ہوسکتے ہیں۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت ملک کی سیکیورٹی کی صورتحال سے متعلق اجلاس منعقد کیا گیا، اجلاس میں وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے شرکت نہیں کی، انہیں ملک کی امن و امان کی صورتحال سے متعلق ہونے والے اجلاس میں آنا چاہیے تھا۔ انہوں نے کہا کہ ٹی ٹی پی کی جانب سے ملک میں حملے کی ذمے داری قبول کرنا افسوسناک تشویشناک اور خطرناک ہے، پاکستان کی جانب سے افغانستان کو ہر طرح کی سہولیات ہیں، ان کی سرزمین کا ہمارے خلاف استعمال ہونا طالبان حکومت کیلئے بھی باعث تشویشناک ہونا چاہیے، انہوں نے کہا کہ یہ صورتحال خطے کے امن کے لیے انتہائی خطرناک چیز ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں دہشت گردی کی لہر کے حوالے قوم کو یقین دہانی کراتا ہوں کہ یہ چیز قابو سے باہر ہونے نہیں جارہی، ایسی صورتحال نہیں ہے کہ جو سنبھالی نہ جا سکے، اس پر قابو پانے کے لیے وفاق کی جانب سے معاملات ہاتھ میں لینے سے قبل صوبائی حکومت اپنی ذمے داریاں موثر انداز سے پوری کرے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا کی صوبائی حکومتوں کو امن وامان کی صورتحال کو قابو میں رکھنے کے لیے اقدامات کرنے چاہئیں، صوبائی حکومتوں کو وفاق کی جانب سے مکمل تعاون کی یقین دہانی کراتا ہوں، سیاسی اختلافات چلتے ہیں لیکن ملکی مفاد اور اس کی سلامتی سب سے مقدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری مسلح افواج دہشت گردی کی صورتحال سے نمٹنے کی پوری صلاحیت رکھتی ہیں، ہم ہر طرح کی صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہیں، اگر کسی آپریشن کی ضرورت ہوئی تو پھر اسے بلاتاخیر کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ عسکری قیادت نے دومرتبہ پارلیمنٹ کو ٹی ٹی پی کے حوالے سے بریفنگ دی تھی، پارلیمنٹ نے عسکری قیادت کو اختیار دیا تھا کہ ٹی ٹی پی کے جو لوگ آئین کے تابع آکر پرامن طور پر معاشرے کا حصہ بننا چاہیں تو آپ ان کے ساتھ بات کرسکتے ہیں اور کچھ حد تک یہ بات ہوئی بھی ہے لیکن معاملہ یہ ہے کہ ٹی ٹی پی کسی ایک دھڑے کا نام نہیں ہے، ہر علاقے میں دو، دوچار، چار دھڑے ہیں، ایک دھڑے سے بات چیت کرتے ہیں، مذاکرات کرتے ہیں، وہ پرامن طور پر واپس آنا چاہتا ہے، صلح کرنا چاہتا ہے تو دوسرا دھڑا کارروائیوں میں لگ جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ صورتحال برقرار رہے گی، جو لوگ امن چاہتے ہیں، ان کو امن کا راستہ دیا جانا چاہیے، عسکری قیادت کی جانب سے پارلیمنٹ کو دی گئی بریفنگ کا بھی یہ ہی فیصلہ تھا، اس پر ہی عمل ہو رہا ہے، باقی روزانہ موثر آپریشن بھی ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹی ٹی پی سے کوئی باضابطہ مذاکرات نہیں ہوئے، یہ وہ مذاکرات ہیں جو حالت جنگ میں بھی ہوتے ہیں جس میں کچھ چیزیں وقتی طور پر طے ہوجاتی ہیں، افغانستان میں موجود مسلح افراد کی تعداد 5 سے 7 ہزار بتائی جاتی ہے اور ان کے بارے میں وہ ہی مؤقف ہے کہ آئین اور قانون کے تابع مسلح افراد کو بھی ملک میں واپس آنے کی اجازت ہونی چاہیے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ عمران خان کی جانب سے اسمبلیاں تحلیل کرنے کا اعلان غیر آئینی ہے، اس طرح کے ادارے آئین اور جمہوری نظام کی توہین ہے، ہم اس کی مذمت کرتے ہیں

بقیہ 8

حکمرانی تھی، تاریخ بتاتی ہے آمرانہ حکومتیں آزادی صحافت اور اظہار کو دباتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کسی قسم کی پابندیوں کے اطلاق کا اثر بھی جمہوری حکومتوں پر زیادہ ہوتا ہے، بطور جج کسی تبدیلی کی تجویز نہیں دے سکتا، آئین میں تبدیلی پارلیمنٹ کا کام ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی سے ججز بھی متاثر ہوئے۔ قرآن کہتا ہے ''اقرا'' یعنی پڑھو اور اس میں تفریق نہیں کی گئی لیکن مذہب کا غلط استعمال کیا گیا کہ لڑکیوں کو تعلیم نہیں دینی۔ جسٹس فائز عیسیٰ نے کہا کہ ہائی کورٹس اور سپریم کورٹ کا کام ہے کہ بنیادی حقوق کا تحفظ ہو، آئین کے مطابق دیے گئے بنیادی حقوق کا تحفظ ہمارا مطمع نظر ہوتا ہے، ہائی کورٹس اور سپریم کورٹ یقینی بنائیں کہ یہ حقوق چھینے نہ جا سکیں۔ جسٹس فائز عیسیٰ نے اپنے خطاب میں کہا کہ پاکستان میں حکومت کی کوشش ہوتی ہے کہ کسی طرح 5 سال گزار سکیں، اس وجہ سے گورننس سے توجہ ہٹ جاتی ہے، بڑے مسائل پر کام نہیں ہو پاتا۔ انہوں نے کہا کہ امریکی سپریم کورٹ نے 100 سال پرانے گن کنٹرول کیسز پر فیصلوں کو بدل دیا، امریکا میں کیے گئے فیصلوں سے دوسرے ممالک کو پیغام جاتا ہے، امریکا میں ہونے والی تبدیلیوں کا اثر عالمی سطح پر ہوتا ہے۔

بقیہ 9

آف پاکستان کی زبانی ہدایات پر مقامی بینک ایل سی نہیں کھول رہے، بینکوں کی جانب سے ایل سی نہ کھولنے سے پاکستان میں ادویات کا را میٹریل نہیں آ رہا۔ ارشد محمود نے کہا کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے پاس ڈالرز کی کمی کے باعث مقامی بینک ایل سی نہیں کھول رہے، ادویات ساز اداروں کے پاس پیسے موجود ہیں مگر وہ را میٹریل نہیں منگوا پا رہے۔ چیئرمین پی پی ایم اے ارشد محمود نے کہا کہ ایل سی نہ کھلنے کے سبب پاکستان میں میڈیکل ڈیوائسز کی درآمد بھی کم ہوتی جارہی ہے۔

بقیہ 10

کی بات کرتے ہیں، اب آپ نئی بلیک میلنگ کررہے ہیں تاہم مقروض ملک کے اربوں روپے الیکشن پر خرچ کرنے کے بعد تفریق مزید بڑھے گی۔ انہوں نے کہا کہ رنگ روڈ، چینی، گندم اور ادویات سمیت دیگر اسکینڈلز کی چیزیں سامنے آئی ہیں، ابھی تو فارن فنڈنگ کیس کی تفصیلات سامنے آئی ہیں، ہمیں معلوم ہے ضمنی الیکشن میں کس پڑوسی ملک سے کس کے ذریعہ پیسہ آیا۔ جاوید لطیف نے کہا کہ جیسے یہ جماعت بنائی گئی اب بقول پرویز الٰہی اسی طرح بکھرنا شروع ہوگئی ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے ملک میں جلد از جلد انتخابات کے مطالبے پر وفاقی وزیر نے کہا کہ پی ٹی آئی کے ارکان کا بڑا دھڑا ہمارے ساتھ رابطے میں ہے، ہم انتخابات چاہتے ہیں لیکن عمران خان کے احتساب کے بعد۔ یادر ہے کہ گزشتہ روز تحریک انصاف کے رہنما فواد چوہدری کا بیان سامنے آیا تھا جس میں ان کا کہنا تھا ہم رمضان سے پہلے ملک میں انتخابات چاہتے ہیں اور پی ٹی آئی کی پارلیمانی پارٹی نے اسمبلیوں سے استعفے دینے کی منظوری دیدی ہے۔

بقیہ 11

حوالے سے کہا کہ ادائیگیاں شیڈول کے مطابق کی جاسکیں گی اور پاکستان میں پیڈ گوگل ایپس بند نہیں ہوں گی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اسٹیٹ بینک کو ہدایت کردی کہ ایک ماہ تک پالیسی پر عملدرآمد موخر کردیں، ٹیلی کام آپریٹرز کو ادائیگیوں کے طریقہ کار پر عملدرآمد کے لیے ایک ماہ کا وقت دیدیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک ماہ میں وزارت آئی ٹی اور وزارت خزانہ، اسٹیٹ بینک کی مشاورت سے لائحہ عمل بنائیں گے۔ سید امین الحق نے کہا کہ ٹیلی کام آپریٹرز نے وزارت آئی ٹی سے معاملے پر معاونت کی اپیل کی تھی جس پر وزیرخزانہ اسحاق ڈار کو ادائیگیاں کرنے اور ٹائم فریم دینے کے لیے مراسلہ لکھا تھا، بروقت فیصلے پر وزیرخزانہ اور وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق باجوہ کے مشکور ہیں۔

بقیہ 12

سندھ کو بیٹے کی ولادت پر مبارکباد پیش کی ہے۔ گورنر سندھ نے بذریعہ فون، ایس ایم ایس اور واٹس ایپ میسج کے ذریعہ مبارکباد دینے والے تمام احباب کرام کا شکریہ ادا کیا ہے۔

بقیہ 13

تھی آج اس کی شرح میں ہوشربا اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے دور میں برآمدات میں 20 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، براہ راست غیرملکی سرمایہ کاری 726 ملین ڈالر تھی، پی ٹی آئی حکومت میں ٹیکس اکٹھا کرنے کی شرح 25 فیصد بڑھ رہی تھی، مالیاتی خسارہ موجودہ مالیاتی خسارہ سے آدھا یعنی 438 ارب روپے تھا، عوام کا ڈمی حکومت پر اعتماد معاشی اشاریوں سے واضح ہے۔ انہوں نے کہا کہ صرف نیب کیسز کا خاتمہ اور پی ڈی ایم ٹولے کو نوازنا اس حکومت کی ترجیحات ہیں۔

بقیہ 14

جنہوں نے جمعرات کو یہاں ان سے ملاقات کی۔ ملاقات میں وزیرمملکت نے اپنے حالیہ دورہ افغانستان کے حوالے سے وزیراعظم کو آگاہ کیا۔ اس موقع پر وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان ایک پرامن افغانستان کا خواہاں ہے۔ بین الاقوامی برادری افغانستان کی صورت حال میں بہتری کیلئے اپنا کردار ادا کرے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان افغان بھائی بہنوں کی ہرممکن مدد اور حمایت جاری رکھے گا۔

بقیہ 15

وفاقی وزیرخزانہ اسحاق ڈار نے 30 ستمبر 2022 کو انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی آخری تاریخ میں ایک ماہ کی توسیع کا اعلان کیا تھا۔

بقیہ 16

پیسے اضافے سے 4 روپے فی لیٹر اور ہائی اسپیڈ ڈیزل پر او ایم سی مارجن 1.32 روپے اضافے سے 5 روپے فی لیٹر کردیا گیا۔ ہائی اسپیڈ ڈیزل پر پیٹرولیم لیوی 12 روپے بڑھا کر 25 روپے فی لیٹر کردی گئی۔ وفاقی حکومت پیٹرول پر 50 روپے فی لیٹر ملکی تاریخ کی سب سے زیادہ پیٹرولیم لیوی وصول کررہی ہے۔ وفاقی حکومت بتدریج پیٹرول پر 2 روپے جبکہ ہائی اسپیڈ ڈیزل پر 1 روپے فی لیٹر مارجن بڑھائے گی۔

بقیہ 17

معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔ جاپانی سفارتخانہ کے مطابق معاہدے پر دستخط جاپان کے سفیر متسو ہیرو واڈا، ناٹ اوستھی، ریذیڈنٹ نمائندہ یو این ڈی پی نے کیے، حکومت جاپان کی مدد سے 2 سالہ پراجیکٹ 2 لاکھ سے زیادہ افراد کی مدد کرے گا، جس میں خاص طور پر نوجوانوں اور خواتین پر توجہ دی جائے گی۔ یہ پراجیکٹ سماجی ہم آہنگی اور اعتماد سازی کے لیے اور کھیلوں/ثقافتی پروگراموں میں نوجوانوں کو شامل کرنے کے لیے جدید طریقوں کا استعمال کرے گا۔ ڈیجیٹل ہنر، انکیوبیشن کی تربیت کے ذریعے 1300 نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔ کمیونٹی تنظیمیں منصوبہ بندی کے عمل میں شامل ہوں گی اور 50 کمیونٹی فزیکل انفراسٹرکچر اسکیموں کی بحالی کریں گی۔

بقیہ 18

پاکستان آگہی پروگرام کے سلسلہ میں ایوانِ کارکنانِ تحریکِ پاکستان لاہور اور گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری سکول' اعوان ٹاؤن' لاہور کی طالبات اور اساتذۂ کرام نے ایوانِ قائداعظمؒ، جوہر ٹاؤن' لاہور کا مطالعاتی دورہ کیا اور تحریک پاکستان کی تصویری گیلریز بھی دیکھیں۔ دریں اثناء موبائل نظریاتی تعلیمی یونٹ نے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول' لوہاری گیٹ' لاہور' گورنمنٹ اسلامیہ ہائی سکول (بوائز) سنت نگر' لاہور' الزہرا' گلشن ٹاؤن' ٹھوکر نیاز بیگ' لاہور اور یونیک سکول' خان چوک' پلی سٹاپ' گرین ٹاؤن' لاہور کا وزٹ کیا۔ مذکورہ بالا تعلیمی ادارے میں مستفید ہونے والے اساتذہ اور طلبہ کی مجموعی 427 تھی۔

بقیہ 19

ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں بہترین ورک فورس کے لیے ڈیمانڈ ڈریون کورسز کا اجرا کیا جارہا ہے جس سے ہر انڈسٹری کے لیے نوجوانوں کی ٹریننگ کی جائے گی۔ انہوں نے بتایا کہ ابھی 6 ماہ کے آف سیٹ پرنٹنگ کے کورس کا آغاز کیا جارہا ہے۔ طلبا کو 10 ہزار ماہانہ وظیفہ بھی دیا جائے گا۔ 25 بچوں کا پہلا بیچ ہوگا۔ یہ کورس گیم چینجر ثابت ہوگا۔ ہم مستقبل قریب میں ملکر مزید ایسے کورسز کا آغاز کریں گے۔ لاہور چیمبر کے صدر کاشف انور نے کہا کہ ہمیں ملک کی ایکسپورٹ بڑھانے کے لیے جنگی بنیادوں پر کام کرنا ہوگا۔ اس کورس سے نئی آنے والی مشینری کی سکلڈ لیبر دستیاب ہوگی۔ حکومت کو مشینری کی درآمد پر پابندی نہیں لگانی چاہیے۔ ہمیں سٹیٹ آف آرٹ ٹریننگ دینی ہوگی۔ پاپکی کے صدر سعد حلیم نے کہا کہ پرنٹنگ انڈسٹری پاکستان کی معیشت میں 8 ارب کی شراکتدار ہے۔ انکا کہنا تھا کہ ٹیکسٹائل سیکٹر کے بعد سب سے بڑی ورک فورس پرنٹنگ انڈسٹری کے پاس ہے، جس میں 15 لاکھ سے زیادہ افراد منسلک ہیں۔

بقیہ 20

ساہیوال میں سمال انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام، ساہیوال چیمبر کے آفس کے لئے زمین کی فراہمی، ٹرانسفر فیس اور علاقے کے دیگر صنعتی مسائل پر بات چیت ہوئی۔ سینئر صوبائی وزیر نے وفد کو جائز مسائل کے ترجیحی بنیادوں پر حل کی یقین دہانی کروائی۔ سینئر صوبائی وزیر میاں اسلم اقبال نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب حکومت صنعتی مراکز کے قیام کے ذریعے معاشی سرگرمیاں بڑھانے کی پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ صنعت کاروں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جارہے ہیں۔ سینئر صوبائی وزیر نے کہا کہ چیچہ وطنی میں 731 ایکڑ اراضی پر سمال انڈسٹریل اسٹیٹس کے قیام کی تجویز کا جائزہ لیا جارہا ہے۔ ایم ڈی پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن آصف فرخ بھی ملاقات میں موجود تھے۔ وفد میں ممبر ایگزیکٹو کمیٹی مجاہد حسین، سیکرٹری طاہر اعوان اور ایوان صنعت وتجارت ساہیوال کے دیگر عہدیداران بھی شامل تھے۔

بقیہ 21

کی، اسٹیٹ بینک کو ایک ماہ تک پالیسی پر عملدرآمد موخر کرنے کی ہدایات جاری کردی، ٹیلی کام آپریٹرز کو ادائیگیوں کے طریقہ کار پر عمل درآمد کے لیے ایک ماہ کا وقت دے دیا گیا۔ امین الحق نے کہا کہ ایک ماہ کے اندر وزارت آئی ٹی، خزانہ اور اسٹیٹ بینک باہمی مشاورت سے لائحہ عمل مرتب کریں گے، ٹیلی کام آپریٹرز نے وزارت آئی ٹی سے معاملے پر معاونت کی اپیل کی تھی، وزیرخزانہ اسحٰق ڈار کو ادائیگیاں کرنے اور ٹائم فریم دینے کے لیے مراسلہ لکھا تھا، بروقت فیصلے پر وزیرخزانہ اور وزیر اعظم کے معاون خصوصی طارق باجوہ کے مشکور ہیں۔

بقیہ 22

متاثرہ خاتون کے شوہر نے ملزمان کے خلاف کارروائی کی درخواست دیتے ہوئے کہا کہ رشتے داروں نے گھر میں گھس کر اہلیہ کو برہنہ کرکے تشدد کا نشانہ بنایا اور ویڈیو بھی بنائی۔ سی پی او کی جانب سے واقعے کا نوٹس لینے کے بعد انکوائری جاری ہے تاہم ملزمان اب تک گرفتار نہیں ہوسکے۔

بقیہ 23

متاثرہ خاتون کے شوہر نے ملزمان کے خلاف کارروائی کی درخواست دیتے ہوئے کہا کہ رشتے داروں نے گھر میں گھس کر اہلیہ کو برہنہ کرکے تشدد کا نشانہ بنایا اور ویڈیو بھی بنائی۔ سی پی او کی جانب سے واقعے کا نوٹس لینے کے بعد انکوائری جاری ہے تاہم ملزمان اب تک گرفتار نہیں ہوسکے۔

بقیہ 24

میڈیا سے گفتگو میں فواد چوہدری نے کہا کہ تحریک انصاف 20 مارچ سے پہلے الیکشن چاہتی ہے، ہوسکتا ہے کہ ہماری پارٹی کے بعض افراد کی رائے ہو کہ صوبائی اسمبلیاں تحلیل نہ کی جائیں لیکن جب فیصلہ ہوگیا ہے تو سب استعفے دیں گے۔ امریکی سفیر سے ملاقات پر انہوں نے کہا کہ امریکا اور دیگر ممالک کے سفیروں سے رابطہ ہوتا رہتا ہے، سفیر سیاسی جماعتوں کا نقطہ نظر سمجھنا چاہتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

بقیہ 25

واضح طور پر نظر آرہا ہے، اے این ایف اہلکار مسافر سے کہہ رہا ہے کہ سامان زیادہ ہے، جس پر مسافر کہتا ہے کہ کچھ کریں جس پر اے این ایف اہلکار مسافر کو قریب بلا کر کہتا ہے کہ کچھ خدمت کریں گے۔ ترجمان اے این ایف کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ معاملے سے متعلق افسران کو بتا دیا گیا ہے، کچھ دیر میں اس پر مؤقف دیا جائے گا۔

بقیہ 26

میٹی نے اضافہ کیا۔ دواساز کمپنی نے پروڈکشن بند کردی اس لئے اضافہ کرنا پڑا۔ چند روز میں 20 سے 21 دواؤں کی قیمت کم کردی جائے گی۔ ملک میں دواؤں کے خام مال کی کمی نہیں ہے۔

☆☆☆☆☆

بقیہ 27

عرصے سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں، مانگا روڈ پر کروڑوں روپے سے بنایا گیا نکاس آب کا نالہ آج تک صاف نہیں ہوسکا، جس سے سیوریج کا گندا پانی سڑک کو تباہ کررہا ہے، میٹروپولیٹن کارپوریشن کی غفلت کے باعث مذکورہ نالہ جات کی صفائی کئی سالوں سے نہیں کروائی گئی۔ ٹوٹی سڑکوں اور خستہ حال راوی ملز پل اور سوتر روہی پل کی وجہ سے کئی قیمتی جانیں لقمہ اجل بن چکی ہیں۔ محکمہ ہائی وے اور محکمہ انہار کے راشی افسران نے تجاوزات قائم کروا رکھی ہیں، جہاں سے ماہانہ وصول کیا جارہا ہے تجاوزات کی آڑ میں میٹروپولیٹن کارپوریشن کے چند اہلکار بھی مال پانی بنانے میں مصروف ہیں۔ غیر قانونی تعمیرات کا سلسلہ جاری ہے، جہاں سے دیہاڑیاں لگائی جارہی ہیں۔ مانگا وڈ سے ملحقہ آبادیوں میں پینے کا صاف پانی کئی سالوں سے دستیاب نہیں، بجلی کی لٹکتی تاروں سے کئی افراد لقمہ اجل بن چکے ہیں، مانگا روڈ سوتر روہی چوک کے پل جگہ جگہ سے ٹوٹ چکے ہیں، جگہ جگہ کھڈوں سے گاڑیاں تباہ ہورہی ہیں سفری سہولیات کے فقدان سے مذکورہ سڑک پر واقع سوشل سیکورٹی ہسپتال میں مریضوں کی تعداد میں بھی اضافہ ہورہا ہے، حادثات کی شرح میں کئی گنا اضافہ ہوچکا ہے، مانگا روڈ پر واقع سینکڑوں صنعتی ادارے ملکی تعمیر وترقی میں اہم کردار ادا کررہے ہیں اربوں روپے سالانہ آمدن دینے کے باوجود مانگا روڈ کے قرب وجوار کے فیکٹری مالکان اور لاکھوں ملازمین آئے روز حادثات کا شکار ہورہے ہیں، خستہ حال پل کی وجہ سے کئی کئی گھنٹے ٹریفک معطل رہنے سے ذہنی اذیت سے دوچار ہونا پڑرہا ہے شہریوں نے وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی سے مطالبہ کیا ہے کہ مانگا روڈ کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کروائے جائیں تاکہ پسماندگی کے شکار اس اہم ترین علاقہ کے عوام سکھ کی زندگی بسر کرسکیں۔

بقیہ 28

میں 535 روپے اضافہ کیا۔ ایل پی جی 216 روپے فی گھریلو سلنڈر 2548 روپے اور کمرشل سلنڈر 9804 روپے ملک بھر میں دستیاب ہوگا۔ عرفان کھوکھر نے مطالبہ کیا کہ سستی گیس کی فراہمی کے لیے ایل پی جی پر لگے تمام ٹیکسوں کا خاتمہ کیا جائے۔

بقیہ 29

ابتدائی اطلاعات کے مطابق جنوبی وزیرستان میں اعظم وارسک آرمی پبلک اسکول میں یوم والدین کی مناسبت سے تقریب تھی جس میں اعلیٰ افسر بھی شریک تھے۔ بعد ازاں اسکول سے نکلنے والے قافلے پر حملہ ہوا ہے۔ حملے میں ایف سی کو نشانہ بنایا گیا۔ واقعہ کے فوری بعد اسکول کے بچوں کو محفوظ مقام پر منتقل کردیا گیا، فائرنگ سے ایک شہری متاخان جاں بحق اور ایف سی اہلکار زخمی ہوا ہے، جنہیں ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ مقامی ذرائع کے مطابق حملے میں اسکول کا عملہ، طلبہ اور دیگر مہمان محفوظ رہے تاہم ایک شہری فائرنگ کا نشانہ بننے کے بعد جاں بحق اور ایف سی کا ایک اہل کار زخمی ہوگیا۔

بقیہ 30

نے کہا کہ تحریک انصاف کے سوشل میڈیا سے وابستہ افراد کھل کر ملک دشمنی پر اترے ہوئے ہیں پاک فوج کو بدنام کرکے اپنی فوج کو کمزور کرنے کا کوئی موقع پر پی ٹی آئی کی قیادت ہاتھ سے نہیں جانے دے رہی۔

بقیہ 31

عطا فرمائے آمین۔ اللہ پاک سے مرحوم کے لواحقین کے لئے صبر جمیل کی دعا کرتا ہوں۔

بقیہ 32

کا کوئی نعم البدل نہیں اور کہا کہ شہدا کے فیملیز قابل قدر اور قابل عزت ہیں لواحقین کے ساتھ ہر مشکل کے گھڑی میں برابر کے شریک ہیں۔

بقیہ 33

غیر ملکی سرمایہ کاری میں 52.1 فیصد کمی سے زرمبادلہ کے ذخائر میں کمی ریکارڈ ہوئی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے قائداعظم انڈسٹریل اسٹیٹ کے صنعتکاروں کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ نصر اللہ مغل نے کہا کہ مالیاتی خسارہ کے بعد حکومت مزید قرضوں کیلئے آئی ایم ایف سے رابطہ میں ہے جبکہ آئی ایم ایف کی ٹیکسوں میں اضافہ سمیت شرائط بڑھتی جارہی ہیں۔ آئی ایم ایف کی طرف سے ملک بھر میں قائم اسپیشل اکنامک زونز کی صنعتوں پر ٹرن اوور ٹیکس لگانے کے مطالبہ پر عملدرآمد کیا گیا تو غیر ملکی سرمایہ کاری متاثر ہوگی کیونکہ ان اسپیشل اکنامک زونز میں صنعتوں کو دس سال تک ٹیکس چھوٹ دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملکی برآمدات میں اضافہ صنعتی شعبہ میں بجلی گیس کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کو کنٹرول کرنا، تجارتی خسارہ میں کمی کیلئے خصوصی اقدامات اٹھائے جائیں تاکہ صنعتی شعبہ ترقی کرے اور برآمدات کے اہداف کو پورا کرکے زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ کیا جاسکے جس سے ملک کو قرضوں سے نجات مل سکے گی۔

بقیہ 34

زسیکرٹریٹ لاہور احمد فراز کو تبدیل کرکے ڈپٹی سیکرٹری گورنر سیکرٹریٹ لاہور تعینات کردیا گیا۔

بقیہ 35

کو گرفتار کیا گیا، ٹاپ راہزن اور موٹر سائیکل چور کی فہرست میں شامل 140 ملزمان گرفتار، سنگین واردات کرنے والے 12 گینگز کے 32 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، ملزمان کے قبضہ سے 40 لاکھ سے زائد مالیت کی ریکوری کی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ ناجائز اسلحہ کے خلاف کارروائی کے دوران 46 مقدمات درج کیے گئے، ملزمان کے قبضہ سے 40 آٹو میٹک رائفل اور 38 پسٹل برآمد ہوئی، منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کے دوران 85 مقدمات درج کیے گئے، 16 مقدمات 9C اور 09 مقدمات 9B جبکہ 55 مقدمات شراب فروشی کے درج کیے، ملزمان کے قبضہ سے 24 کلو سے زائد چرس 975 لیٹر دیسی شراب برآمد ہوئی۔ ملزمان سے کروڑوں مالیت کی منشیات برآمد ہوئی۔ ملزمان کو خصوصی کریک ڈاؤن کرتے تعلیمی اداروں کے گرد ونواح سمیت مختلف مقامات سے گرفتار کیا۔ ایس پی سول لائن نے کہا کہ قمار بازی ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے پر 30 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ نیشنل ایکشن پلان کو ملحوظ خاطر رکھتے کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی پر 52 مقدمات درج کیے، حساس مقامات، وال چاکنگ اور لاؤڈ سپیکر کی خلاف ورزی پر 71 مقدمات کا اندراج کیا گیا، انسداد پتنگ بازی کے حوالہ سے ڈویژن بھر میں کڑی نگرانی کرتے 32 مقدمات کا اندراج کیا گیا، ملزمان کے قبضہ سے ہزاروں مالیت کی پتنگیں اور ڈور برآمد ہوئی۔ انہوں نے بتایا کہ ہوائی فائرنگ کرنے پر 04 مقدمات درج کرکے ملزمان کو گرفتار کیا گیا، ون ویلنگ کرنے پر 26 مقدمات کا اندراج کرکے منچلوں کو گرفتار کیا گیا، گداگروں کے خلاف خصوصی کریک ڈاؤن کے دوران 28 مقدمات درج کیے گے مزید کارروائیاں عمل میں لائی جارہی ہیں۔ اویس شفیق نے کہا کہ قحبہ خانہ چلانے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے 04 مقدمات درج کرکے ملزمان کو گرفتار کیا، امن وامان کی صورتحال کو بہتر رکھنے کے لیے حفاظتی تدابیر کو اپناتے ہوئے روزانہ کی بنیاد پر سرچ آپریشنز کیے جارہے ہیں، جرائم کو کنٹرول کرنا اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 36

۔ اپنی ثقافت کے دن کو منانا اپنے آباؤ اجداد کو خراج تحسین پیش کرنے کا ایک طریقہ ہے۔ یہ وہ کھڑکی ہے جس سے اختلافات کے باوجود مماثلتوں کی جھلک دکھائی دیتی ہے۔ انہوں نے نوجوانوں کو اپنی ثقافت سے جڑنے کی ضرورت پر زور دیا۔ تقریب کے اختتام پر طلبا وطالبات نے فوٹو بوتھ کیساتھ یادگاری تصاویر بھی بنوائیں۔

بقیہ 37

نعت خواں مدثر برادران حافظ احمد فراز اویسی، حافظ محمد عالیان قادری، مولانا ظہیر عباس، مولانا محمد افضل چشتی، مولانا محمد علی، قاری شعیب احمد گھانگھر اور علاقے کے معززین اور ہرمکتبہ فکر کے لوگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا جس کی سعادت قاری محبت حسین چشتی نے حاصل کی۔ علا کرام نے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ دنیا عارضی شے ہے انسان چاہے سو سال بھی جی لے مگر موت کا ذائقہ ایک نہ ایک دن ضرور چکھنا ہے اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے انسان اپنے اعمالنامے درست رکھیں کیونکہ آخرت والے دن اعمالنامے کے بارے ہی سوال کیا جائے گا دین اسلام کی سربلندی اور سنت نبوی پر عمل کیا جائے اور اس پر عمل کرنے کی تلقین دوسروں کو بھی کی جائے بعد ازاں ملکی سلامتی اور حضرت خواجہ محمد عبداللہ رحمتہ اللہ علیہ کی روح کی ایصال ثواب کیلیے دعائے مغفرت بھی کی گئی۔ اس موقع پر عزیزو اقارب خواجہ شریف احمد، حضرت خواجہ محمد شاہد پیرزادہ، خواجہ برکات احمد، خواجہ سعادت رسول، صاحبزادہ خواجہ محمد حذیفہ، صاحبزادہ محمد دانیال، خواجہ وجاہت رسول، ولی محمد خان دشتی، محمد ماجد سومرو، محمد اکرم دشتی، وڈیرہ عبدالحمید مزاری، حاجی احمد دشتی، رئیس محسن، اکرم شاہین، مستنصر حسین مغل، مظہر حسین سومرو اور دیگر موجود تھے۔ بعد ازاں صاحبزادہ خواجہ محمد عثمان اور صاحبزادہ خواجہ محمد نعمان نے شرکا کا عرس مبارک میں شرکت پر تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 38

سے سڑکوں پر جگہ جگہ کھڈے پڑے ہیں، لاہور شہر کا بجٹ باقی اضلاع پر خرچ کیا جارہا ہے، گزشتہ پانچ سال سے لاہور میں ترقیاتی کام نہ ہونے کے برابر ہوئے، لاہور کی متعدد گلیاں بھی عرصہ دراز سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں۔ قرارداد میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ لاہور کے حصے کا بجٹ لاہور میں ہی خرچ کیا جائے، سڑکوں کی تعمیر مرمت فوری مکمل کی جائے۔

بقیہ 39

نایاب پرندے تلور، جنگلی طوطوں اور بٹیر کے پانچ شکاری گرفتار، ناجائز شکار بٹیر کے چھ ہنٹنگ گیئرز برآمد، ایک لاکھ پانچ ہزار روپے جرمانہ۔ تفصیل کے مطابق اسسٹنٹ ڈائریکٹر وائلڈلائف ضلع جھنگ راؤ طارق شہاب نے اپنی ٹیم وائلڈ لائف انسپکٹر ربنواز بلوچ اور وائلڈ لائف واچران عمران اور ظہیر کے ہمراہ اٹھارہ ہزاری سے نایاب جنگلی پرندے تلور کے شکار میں مشغول دو شکاریوں کو موقع پر گرفتار کرکے انہیں مبلغ اسی ہزار روپے محکمانہ معاوضہ کی مد میں جرمانہ کیا۔ ایسی ہی چند دیگر کامیاب کارروائیوں کے دوران اسسٹنٹ ڈائریکٹر وائلڈلائف ضلع بہاولنگر منور حسین کھچی نے اپنی ٹیم کے ہمراہ ہارون آباد سے جنگلی طوطوں اور بٹیر کے غیر قانونی شکار میں ملوث تین شکاریوں کو گرفتار کرکے ان کے خلاف وائلڈلائف ایکٹ کی خلاف ورزی پر چالانات مرتب کئے دوشکاریوں کو مبلغ پچیس ہزار روپے محکمانہ معاوضہ جبکہ ایک کیخلاف قانونی کارروائی ابھی جاری ہے۔ اسی طرح اسسٹنٹ ڈائریکٹر وائلڈلائف ضلع بہاولپور تنویر احمد جنجوعہ نے وائلڈلائف سٹاف بہاولپور کے ہمراہ ناجائز شکار بٹیر کے چھ ہنٹنگ گیئرز برآمد کرکے وائلڈلائف ایکٹ کے مطابق کارروائی شروع کردی ہے۔

بقیہ 40

کمانڈ سی پی او ریلویز میں قائم کیا گیا ہے، ریلویز پولیس کو دیگر فورسز کی طرح جدت کی طرف لیجانا ناگزیر ہے۔ ریلویز پولیس کو ڈیجیٹائز کرنے کی بھرپور کوشش کی جا رہی ہے۔

بقیہ 41

ایف بی آر عاصم احمد نے بتایا کہ ایف بی آر مالی سال 2022-23 کے محصولات کا ہدف حاصل کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ 42

ایک بار جلسوں میں ایک دوسرے کا پیٹ پھاڑنے کے بیان دیتے ہوئے دکھائی دیں گے۔ حلقہ این اے 140 میں حلقے کے اکابرین اور پارٹی کارکنوں سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نام نہاد تجربہ کاروں نے چند مہینوں میں ملکی معیشت کا ستیاناس نہیں بلکہ سوا ستیاناس کردیا ہے جس کا خمیازہ پوری قوم کو بھگتنا پڑ رہا ہے۔ ان شا اللہ تحریک انصاف آئندہ عام انتخابات میں وفاق سمیت چاروں صوبوں میں بھاری اکثریت سے حکومتیں بنائے گی اور ملک میں ترقی کے نئے سفر کا آغاز کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی اکثریت عمران خان کے ساتھ ہے یہی وجہ ہے کہ امپورٹڈ ٹولہ عام انتخابات کی تاریخ دینے کی بجائے خوف اور گھبراہٹ کا شکار ہے جو ان کے چہروں سے عیاں ہے۔

بقیہ 43

پوسٹمارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کردیا جس کا قتل یا کچھ اور پولیس مصروف تفتیش ہے۔ ابتدائی طور پر معلوم ہوا کہ خوشاب کے محلہ علی پورہ کے عقب میں ریلوے لائن کے قریب سے ملنے والی 28 سالہ کی نعش کی شناخت نسرین عرف رانی دختر فتح شیر ساکن گولیوالی تحصیل قائدآباد سے ہوئی جسے سرگودھا کی تحصیل شاہپور بلقیس بی بی اور محمد اقبال نے لیکر پرورش کی تو انکی لے پالک بیٹی ہے جس میں کل شام سے لڑکی کا موبائل فون بند بتلایا جارہا ہے تاہم پولیس نعش پوسٹمارٹم کے بعد ورثاء ورثاء سپرد کرکے حقائق کی تلاش میں مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 44

پاکستان ہی نہیں پوری دنیا میں ایک پہچان ہے۔ شاکر علی میوزیم کی پروگرام انچارج فاطمہ سلمان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہماری خوش بختی ہے کہ ایک معروف آرٹسٹ نے اپنے فن پاروں کی نمائش کیلئے شاکر علی میوزیم کا انتخاب کیا۔ شاکر علی میوزیم نے آرٹسٹوں کیلئے چوبیس گھنٹے دروازے کھلے ہیں ہمارے ادارے کی کوشش ہوتی ہے کہ آرٹسٹ سے وابستہ افراد کو نمائش کے انعقاد کیلئے زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کی جائیں۔ تقریب کے اختتام پر ڈاکٹر عائشہ صدیقی نے شاکر علی میوزیم کی انتظامیہ خصوصی طور پر میڈم فاطمہ سلمان اور مس آمنہ مسعود کا شکریہ ادا کیا ان کی کاوشوں سے نمائش انعقاد پذیر ہوئی۔

بقیہ 45

سے 77 ہزار مزدوری کی رقم لینے سوچ فیکٹری گیا تو مالک حاجی سلمان نے لوہے کا راڈ اٹھا کر قتل کی دھمکیاں دیں اور فیکٹری سے نکال باہر کیا جس کے خلاف تھانہ اربن ایریا گیا تو پولیس نے بااثر ملزم کے کارروائی کرنے سے انکار کردیا۔ فاضل جج سکندر جاوید نے سائل کی درخواست پر تھانہ اربن ایریا کے ایس ایچ او کو وضاحت کے لیے طلب کرلیا۔

بقیہ 46

مصروف تفتیش ہے۔ زرائع کے مطابق سرگودھا کی تحصیل سلانوالی کے علاقہ چک نمبر 133 جنوبی کے قریب 5 مشکوک افراد کی اطلاع پر پولیس پارٹی موقع پر پہنچ گئی تو ملزمان کی طرف سے پولیس پر سیدھی فائرنگ سے مقابلہ بن گیا جس میاں ایک ملزم شہباز کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا جبکہ اس کے دیگر چار ساتھی قیصر اور ساجد وغیرہ فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے جو کہ قبل ازیں ہونے والی متعدد وارداتوں میں پولیس کو مطلوب بتلائے جارہے ہیں۔ پولیس تھانہ سلانوالی نیز زخمی ملزم کو ہسپتال منتقل کردیا اور وقوعہ کا مقدمہ درج کرکے فرار ہونے والے ملزمان کی تلاش چھاپے مارتے ہوئے مصروف تفتیش ہے۔ اس کاروائی پر ڈی پی او محمد طارق عزیز نے کہا کہ پولیس اپنی جان کی پرواہ کئے بغیر سماج دشمن عناصر کے خلاف برسرپیکار ہے اور شرپسندی میں ملوث عناصر کیخلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا انہوں نے اس پر درج مقدمہ کی تفتیش بروقت میرٹ پر مکمل کرنے کا حکم دیا ہے۔

بقیہ 47

اینالسز کی مدد سے نومولود کے قاتلوں کی شناخت ممکن ہوئی۔ پولیس کی جانب سے نومولود کو ہسپتال منتقل کیا گیا لیکن جانبر نا ہو سکا۔ جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 48

مدت پوری کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ عوام کو حقیقی معنوں میں ریلیف فراہم کرنے کے لیے واضح لائحہ عمل مرتب کیا جائے۔ پی ٹی آئی اور پی ڈی ایم دونوں نے ملک کو دیوالیہ پن کے قریب پہنچادیا ہے۔ معیشت کو مضبوط کرنے کے لئے میثاق معیشت کرنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز مختلف تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ 22 کروڑ عوام مسلم لیگ، پیپلز پارٹی اور تحریک انصاف کو آزما چکے ہیں۔ اب بار باران کو موقع فراہم کرنا کوئی دانشمندی نہیں۔ ہم نے ہمیشہ ملک وقوم کی بےلوث خدمت کی ہے۔ کم وسائل اور اقتدار سے باہر رہ کر بھی ہمارے لوگ شب وروز خدمت خلق کا فریضہ سر انجام دے رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے عوام نے اعتماد کا اظہار کیا تو انہیں مایوس نہیں کریں گے۔ جماعت اسلامی کا ماضی شاندار اور مستقبل تابناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی ادارہ شماریات کی ماہانہ رپورٹ کے مطابق اکتوبر میں مہنگائی کی شرح میں 4.7 فیصد اضافہ ہوا ہے، ملک میں مہنگائی کی سالانہ شرح 38 فیصد ہوچکی ہے۔ اتحادی حکومت مہنگائی کے خاتمے اور عوام کو ریلیف دینے کا ایجنڈا لے کر اقتدار میں آئی تھی مگر بدقسمتی سے وہ بھی سابقہ حکومت کے نقش قدم پر چل رہی ہے۔ ملک بھر میں سطح غریب سے نیچے زندگی گزارنے والوں کی شرح 33 فیصد تک جا پہنچی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں چند ماہ کے دوران بنیادی اشیاء کی قیمتوں کا افراط زر 32 فیصد سے تجاوز کر چکا ہے۔ حکمران آئی ایم ایف سے پوچھے بغیر ایک پالیسی نہیں بنا سکتے۔ تحریک انصاف اور موجودہ اتحادی حکومت نے پاکستان کو آئی ایم ایف کے پاس گروی رکھ دیا ہے۔ گزشتہ تین ماہ کے دوران جس طرح بےرحمانہ انداز میں اشیاء ضروریہ کی قیمتوں کو بڑھایا گیا ہے، اس کی مثال ماضی میں نہیں ملتی۔ محمد جاوید قصوری نے اس حوالے سے مزید کہا کہ مہنگائی نے تیرہ سالہ ریکارڈ توڑ ڈالا ہے۔ اشیاء خوردونوش کی قیمتیں 30 فیصد تک اور بجلی 52 فیصد تک مہنگی ہوچکی ہے۔ ٹرانسپورٹروں نے کرایوں میں 62 فیصد تک اضافہ کردیا ہے۔ کوئی ایک سیکٹر بھی ایسا نہیں جس کی کارکردگی کو تسلی بخش قرار دیا جائے۔

بقیہ 49

جی پر لگے تمام ٹیکسوں کا خاتمہ کیا جائے۔ واضح رہے کہ نومبر کے لیے ایل پی جی کے گھریلو سلنڈر کی قیمت 2409 روپے 13 پیسے تھی۔

بقیہ 50

میں نوشہرہ کے مقام پر آمد 8 ہزار 900 کیوسک اور اخراج 8 ہزار 900 کیوسک، خیرآباد پل میں آمد 15 ہزار 900 کیوسک، اخراج 15 ہزار 900 کیوسک، جہلم میں منگلا کے مقام پر آمد 10 ہزار 300 کیوسک اور اخراج 22 ہزار کیوسک، چناب میں مرالہ کے مقام پر آمد 7 ہزار 900 کیوسک اور اخراج 2 ہزار کیوسک ریکارڈ کیا گیا۔ بیراج جناح میں آمد 35 ہزار 600 کیوسک اور اخراج 47 ہزار 600 کیوسک، چشمہ میں: 47 ہزار کیوسک اور اخراج 15 ہزار کیوسک، تونسہ میں آمد 47 ہزار 800 کیوسک اور اخراج 38 ہزار 800 کیوسک، گدو میں آمد 37 ہزار 800 کیوسک اور اخراج 31 ہزار 400 کیوسک، سکھر میں آمد 29 ہزار 600 کیوسک اور اخراج 12 ہزار 200 کیوسک کوٹری میں آمد 21 ہزار 700 کیوسک اور اخراج 8 ہزار 300 کیوسک، تریموں میں آمد 2 ہزار 500 کیوسک اور اخراج صفر کیوسک، پنجند میں آمد 4 ہزار 700 کیوسک اور اخراج صفر کیوسک ریکارڈ کیا گیا۔ آبی ذخائر، تربیلا میں ریزروائر کا کم از کم آپریٹنگ لیول 1398 فٹ، ریزروائر میں پانی کی موجودہ سطح 1508.53 فٹ، ریزروائر میں پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 1550 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 3.608 ملین ایکڑ فٹ۔ منگلا میں ریزروائر کا کم از کم آپریٹنگ لیول 1050 فٹ، ریزروائر میں پانی کی موجودہ سطح 1136.15 فٹ، ریزروائر میں پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 1242 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 1.271 ملین ایکڑ فٹ۔ چشمہ میں ریزروائر کا کم از کم آپریٹنگ لیول 638.15 فٹ، ریزروائر میں پانی کی موجودہ سطح 642.80 فٹ، ریزروائر میں پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 649 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 0.074 ملین ایکڑ فٹ رہی۔ تربیلا اور چشمہ کے مقامات پر دریائے سندھ، نوشہرہ کے مقام پر دریائے کابل اور منگلا کے مقام پر دریائے جہلم میں پانی کی آمد اور اخراج 24 گھنٹے کے اوسط بہاؤ کی صورت میں ہے جبکہ دیگر مقامات پر پانی کی آمد و اخراج کی تفصیل گزشتہ روز صبح 6 بجے کی ہے۔

بقیہ 51

لگائی گئی اور دائمی انکار کا احاطہ کیا گیا ہے،

بقیہ 52

نے درخواست دی کہ مخالفین زاہد حسین، امتیاز حسین، ضیغم عباس وغیرہ نے جعلی اقرار نامہ تیار کرکے جائیداد ہتھانے کی کوشش کی۔ جس کا کیس دیوانی عدالت میں زیر سماعت ہے۔ مگر بااثر ملزمان صدر پولیس کی پشت پناہی سے قتل کی دھمکیاں دے رہے ہیں۔ درخواست گزار کا کہنا ہے کہ وہ حصول انصاف کے لیے پولیس کے پاس گیا جو ملزمان کے خلاف کاروائی کی بجائے صلح پر مجبور کررہی ہے۔ فاضل عدالت کے جج نے صدر پولیس کو ریکارڈ سمیت طلب کرلیا۔

بقیہ 53

میں ان کا حصہ انتہائی کم ہے۔ اگر اس نظر انداز شدہ پوٹینشل سے منظم انداز میں فائدہ اٹھایا جائے تو پاکستان زندگی کے ہر شعبے میں ترقی کرسکتا ہے اور ملک بھر میں خواتین کی سماجی اقتصادی ترقی کو بہتر بنانے میں بہت مدد مل سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو اس بات کو یقینی بنانا چاہیے کہ دیہی ترقی کے ذمہ دار تمام پبلک سیکٹر اداروں کو یہ کام کرنے کا پابند بنایا جائے بصورت دیگر یہ کام پرائیویٹ سیکٹر کو سونپ دیا جائے اور وہ مکمل حکومتی تعاون کے ساتھ کام کرے تو ہر شعبے میں انقلاب آجائے گا۔ مہر کاشف یونس نے کہا کہ ان مسائل کو حل کرنے کے لیے سب سے زیادہ موثر قدم دیہی خواتین کو بااختیار بنانا ہے کیونکہ بھوک اور غربت کے خاتمہ کے لیے دیہی خواتین شمولیت اور انہیں ہنرمند بنانا بہت ضروری ہے۔ ہماری دیہی خواتین کل ملکی آبادی کا ایک چوتھائی اور دنیا کی زرعی افرادی قوت کا نصف ہیں جبکہ کچھ ترقی پذیر خطوں میں کسانوں کی بڑی اکثریت خواتین پر مشتمل ہے۔ انہوں نے اس امر پر افسوس کا اظہار کیا کہ پاکستان سمیت دنیا بھر میں دیہی خواتین کو مردوں کے مقابلے میں اسی کام کا معاوضہ 25 فیصد کم دیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین میں غربت، بھوک اور غذائیت کی کمی اور بیماریوں کا امکان بھی زیادہ ہوتا ہے اور دنیا بھر میں تقریباً 30 فیصد خواتین خون کی کمی کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دیہی خواتین کو بااختیار بنانے کو غیر استعمال شدہ وسائل میں سرمایہ کاری کے طور پر دیکھا جانا چاہئے جس سے معاشرے کو فائدہ پہنچ سکتا ہے۔ ایک جائزے کے مطابق اگر انہیں زرعی اثاثہ جات، تعلیم اور مارکیٹ رسائی کے مردوں کے برابر مواقع فراہم کئے جائیں تو پیداوار میں 20 سے 30 فیصد اضافہ ہوسکتا ہے اور دنیا میں بھوک کا شکار لوگوں کی تعداد میں 100 سے 150 ملین تک کمی ہوسکتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہمیں ضرورت اس بات کی ہے ہم زرعی پیداوار کو اپ گریڈ کرنے، کپیسٹی بلڈنگ، غربت سے لڑنے اور غذائی تحفظ کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ خواتین کو ان شعبوں میں شامل کرنے پر بھی سرمایہ کاری کریں۔ مہر کاشف یونس نے کہا کہ چین کے پاس اس وقت دنیا کی سب سے بڑی ای کامرس مارکیٹ ہے، جس میں گزشتہ سال 4 ٹریلین ڈالر سے زائد کی اشیا کی فروخت ہوئی۔ بہت سے مستحکم سیلز پلیٹ فارم کسانوں اور پرچون فروشوں کے لیے بھی ایک بڑی تبدیلی لے کر آئے ہیں جو اندرون ملک صارفین کو براہ راست اشیاء فروخت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک طرف چین کے اس تجربے سے فائدہ اٹھا سکتا ہے اور دوسری طرف اس کاروباری طریق کار کو اپنا کر معاشی خوشحالی کے مطلوبہ نتائج حاصل کرسکتا ہے کیونکہ ملکی بقا اور استحکام کا انحصار صرف مضبوط معیشت پر ہے۔

بقیہ 54

سیلاب متاثرین کے راشن کو فروخت کردیا تھا۔ بعدازاں گرفتار مختیار کار عبدالقیوم لغاری کو تان پولیس نے مقامی عدالت میں پیش کردیا۔ عدالت نے مختیار کار کے کیس کو اینٹی کرپشن کورٹ میں بھیجنے کا حکم دے دیا

بقیہ 55

کے 117 پوائنٹس اور انڈونیشین باکسر کے 57 پوائنٹس رہے کولیسٹ بوائے قومی باکسر محمد شعیب خان کی لگاتار تیسری کامیابی قومی باکسر محمد شعیب خان نے اپنی جیت پاکستانی قوم کے نام کردی ہمیشہ میرا خواب رہا ہے پوری دنیا میں سبز ہلالی پرچم بلند کروں، محمد شعیب خان قومی باکسر

بقیہ 56

محمد شاہ جیلانی کی وفات پر سوگوار خاندان سے اظہارِ تعزیت وفاتحہ خوانی کی اور مرحوم کی درجات کی بلندی کیلیے دعائے مغفرت کی۔ اس موقع پر انہوں نے لواحقین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ موت ایک اٹل حقیقت ہے، جس کا ذائقہ ہر ذی روح نے چکھنا ہے اللہ تعالی سے دعا گو ہیں کہ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلی مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ 57

پل پر وارڈنز کی نفری بڑھائی گئی جبکہ ڈی ایس پی شاہدرہ کو راوی پل کا وزٹ اور موثر اقدامات کرنے کی ہدایت کی گئی۔ اس کے ساتھ ڈی ایس پی صدر کو بابو صابو چوک اور ٹھوکر نیاز کا وزٹ اور موثر اقدامات کرنے کی ہدایت کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ دھند کے باعث شہر کے داخلی وخارجی راستوں پر غیر معمولی ٹریفک کا لوڈ رہے گا، موٹروے کی بندش سے موٹروے کا سارا لوڈ جی ٹی روڈ پر شفٹ ہوگیا۔ سی ٹی او نے تمام پولیس وہیکلز کی فلیشر لائٹس آن رکھنے اور شہریوں کو بھی محتاط ڈرائیونگ کی ہدایت کی۔ سی ٹی او نے کہا کہ شہری فوگ لائٹس اور شیشوں پر نمی نہ ہونے دیں، ایمرجنسی کی صورت میں گاڑی کو انتہائی بائیں سائیڈ پر پارک کریں، چلتی گاڑی سے ہاتھ، منہ نکالنے سے پرہیز کیا جائے، شہری راہنمائی اور مدد کیلئے ہیلپ لائن 15 پر کال کرسکتے ہیں، شہریوں کو راستہ ایپ اور ایف ایم 88.6 سے دھند کے بارے ہمہ وقت آگاہ رکھا جائے۔

بقیہ 58

ل نے کہا کہ پی ٹی آئی کی تمام نشستیں عمران خان کی امانت ہیں، جب وہ حکم کریں گے، تمام ممبران فوری طور پر اسمبلیوں سے علیحدگی اختیار کرلینگے، عمران خان نے اسمبلیوں سے اور پنجاب وخیبر پختون خوا کی حکومتوں سے علیحدگی کا عندیہ دیکر اس قدر زوردار سیاسی دھاکہ کردکھایا، کہ مخالف سیاسی قوتیں چکرا کررہ گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں جو پی ٹی آئی کے حق میں سیاسی فضا بن چکی ہے، میرے خیال کے مطابق عمران خان کے فیصلہ سے عدم اتفاق کا کوئی تصور بھی نہیں کرے گا۔

بقیہ 59

پی ٹی آئی اراکین کے استعفوں آنے کا سلسلہ جاری ہے۔ صوبائی وزیر فیصل امین گنڈاپور نے بھی اپنا استعفیٰ وزیراعلی محمود خان کو ارسال کردیا۔ پی ٹی آئی چیئرمین عمران خان کے اعلان کے بعد خیبر پختونخوا میں اراکین اسمبلی کی جانب سے استعفوں کا سلسلہ جاری ہے۔ وزیر بلدیات فیصل امین گنڈہ پور نے بھی اپنا استعفیٰ پیش کردیا۔ فیصل امین گنڈاپور نے اپنا استعفی وزیراعلیٰ محمود خان کو ارسال کردیا، صوبائی وزیر بلدیات سے قبل صوبائی اسمبلی حلقہ پی کے 4 سوات سے عزیز اللہ گران نے اپنا استعفی وزیراعلیٰ محمود خان کو ارسال کردیا ہے۔ وزیر اعلی خیبر پختونخوا کے معاون خصوصی وزیرزادہ نے بھی اپنا استعفی وزیراعلی کو ارسال کردیا ہے، خاتون ایم پی اے آسیہ خٹک نے اسپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی کے نام استعفیٰ لکھ دیا ہے۔ ڈپٹی اسپیکر محمود جان نے اپنا استعفیٰ تیار کرلیا، جب بھی عمران خان کا حکم آیا استعفی جمع کرادیا جائے گا۔

بقیہ 60

کا آغاز کردیا گیا ہے۔ چائنا اکنامک نیٹ کے مطابق سائنس اینڈ ٹیکنالوجی سینٹر کا آغاز چنگ گوان سن بیلٹ اینڈ روڈ انڈسٹریل پرموشن ایسوسی ایشن (ZBRA) اور پاکستان کی اسپیشل ٹیکنالوجی زونز اتھارٹی (STZA) نے کیا ہے۔

بقیہ 61

سے دو بڑی خواتین جب کہ دو بچیوں کی خون میں لت پت لاشیں برآمد ہوئی ہیں جنہیں تیز دھار آلے کے وار کر کے قتل کیا گیا ہے۔ جاں بحق افراد کی شناخت فاطمہ، ہما نمرا اور نیہا کے ناموں سے ہوئی ہے جبکہ 40 سالہ فہد ولد نامعلوم شدید زخمی ہے۔ واقعہ میں زخمی ہونے والی 32 سالہ خاتون کی تاحال شناخت نہیں ہوسکی ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ گھر سے ایک مرد کو تشویشناک حالت میں اسپتال منتقل کیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق واقعے سے متعلق تحقیقات کا آغاز کردیا گیا ہے۔ ایس ایس پی کورنگی ساجد سدوزئی نے کہا ہے کہ جاں بحق ہونے والوں میں ایک مرد، ایک خاتون اور 2 بچیاں شامل ہیں۔ ساجد سدوزئی نے مزید بتایا کہ تمام افراد کو چھریوں کے وار سے قتل کیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کی نوعیت کے حوالے سے ابھی حتمی طور پر نہیں کہا جاسکتا، ماضی میں اس قسم کے واقعات میں اجتماعی خودکشی کا عنصر بھی پایا گیا تھا۔ شواہد اکٹھے کرنے شروع کردئے گئے ہیں اور اطراف کے گھروں کے باہر نصب سی سی ٹی وی کیمروں کی فوٹیج بھی حاصل کی جارہی ہے کہ واقعے سے قبل مکان میں کون داخل یا باہر نکلا تھا۔

بقیہ 62

حاصل کیا ہے اور پاکستان کی طرف سے نمائندگی کرتے ہوئے موسمیاتی تبدیلی کے مسائل اور پاکستانی عوام کو درپیش چیلنجز کو اجاگر کیا اور ان کے ممکنہ حل پر بھی بات کی اس میٹنگ میں شرکت کے لئے منتظمین نے دنیا بھر کی یونیورسٹیوں سے کہا تھا کہ وہ اس میٹنگ میں شرکت کے لیے ایک طالب علم کو یونیورسٹی کے نمائندے کے طور پر نامزد کریں تقریب میں شرکت کے لیے دنیا کے مختلف ممالک سے 61 مندوبین موجود تھے جنہوں نے دنیا بھر میں آلودگی کی لعنت سے نمٹنے کے لیے اپنے تجربات شیئر کیے محترمہ ایہا رانا، جو بارانی زرعی یونیورسٹی کے گرین یوتھ موومنٹ کلب کی کپتان بھی ہیں پاکستان کی واحد طالبہ تھیں جنھوں نے میٹنگ میں شرکت کی انہوں نے خاص طور پر سالڈ ویسٹ مینجمنٹ پر پریزنٹیشن بھی دی اور اپنی یونیورسٹی کو زیرو سالڈ ویسٹ کیمپس قرار دے کر اس کی کارکردگی پر روشنی ڈالی۔

بقیہ 63

زرداری پنجاب کو فتح کرنے کے سپنے دیکھ رہے ہیں لیکن اب ایسا نہیں ہوسکتا ان کے سپنے اب سچ نہیں ہوسکتے۔ تبدیلی کا سفر ایک بار شروع ہوا چاہتا ہے اب سندھ میں بھی زرداری مافیہ کو شکست دیں گے۔ حلیم عادل شیخ نے کہا سندھ میں پی ٹی آئی کے 26 اراکین اسمبلی اس وقت موجود ہیں سب نے اپنے استعفی جمع کروادیئے ہیں خان صاحب کے حکم کا انتظار ہے خان صاحب کا حکم آتے ہی بغیر کسی دیر کے استعفی دے دیں گے۔ ایسی ایوان میں اب نہیں بیٹھ سکتے ہیں جہاں عوام کے مفادات کے بجائے ذاتی مفادات کے خاطر قانون سازی کی جاتی ہو۔ سندھ کی تاریخ ساز اسمبلی کو پیپلز پارٹی نے کرپشن کو بچانے کے لئے استعمال کیا اور کرپشن کے خاتمے کی نگرانی پر بھی اپنے ہی لوگوں کو مقرر کیا گیا۔ سندھ میں کسی بھی اکاؤنٹس کمیٹی میں اپوزیشن کو نمائندگی نہیں دی گئی ہے کرپشن بھی خود کرتے ہیں رکھوالی بھی خود کرتے ہیں یعنی بلی کو دودھ کی رکھوالی پر بٹھا دیا گیا۔ حلیم عادل شیخ نے کہا عمران خان کا منشور عوام کی فلاح و بہبود کا کرنا ہے اس بار پورے ملک میں پاکستان تحریک انصاف کی حکومت بننے جارہی ہے بہت کچھ تبدیل ہونے والا ہے 12 جماعتوں کا کرپٹ ٹولا کتنی بھی سازشیں کرلے ناکامی ان کا مقدر بن چکی ہے۔

بقیہ 64

کو 14/14 سال قید وجرمانے کی سزائیں سنائی ہیں۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج راولپنڈی احسن محمود ملک نے تھانہ چونترہ کے علاقے میں 24 جولائی 2021 کو جنسی زیادتی کے بعد جواں سال بھکارن شمیم بی بی کو اس کے شیرخوار بچے گلفام سمیت قتل کرنے کے مقدمہ میں نامزد ملزم واجد علی کو الزام ثابت ہونے پر 2 مرتبہ سزائے موت اور جنسی زیادتی کا الزام ثابت ہونے پر 25 سال قید سخت کی سزا سنائی ہے عدالت نے دونوں الزامات کے تحت مقتولہ کے قانونی ورثا کو مجموعی طور پر 5 لاکھ روپے ہرجانہ ادا کرنے کا بھی حکم دیا ہے عدم ادائیگی ہرجانہ کی صورت میں ملزم کو مجموعی طور پر مزید 1 سال قید بھگتنا ہوگی۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج راولپنڈی مسعود اختر کیانی نے رواں سال میں تھانہ نصیر آباد کے مقدمہ قتل میں نامزد ملزم عاطف حفیظ کو الزام ثابت ہونے پر موت کی سزا سنادی ہے عدالت نے مقتول مسعود کے قانونی ورثا کو 5 لاکھ روپے بطور ہرجانہ بھی ادا کرنے کا حکم دیا ہے عدم ادائیگی ہرجانہ کی صورت میں ملزم کو مزید 6 ماہ قید بھگتنا ہوگی ادھر ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج راولپنڈی خرم سلیم نے منشیات کے مقدمہ میں نامزد 2 ملزمان کو 14، 14 سال قید اور 1 لاکھ 90 ہزار روپے فی کس جرمانے کی سزائیں سنا دیں عارف خان اور محمد اکمل کے خلاف تھانہ نصیر آباد پولیس نے منشیات برآمدگی کے الگ الگ مقدمات درج کئے تھے

بقیہ 65

میں بلدیاتی انتخابات کے سرکاری نتائج کا اعلان کردیا گیا۔ بلدیاتی انتخابات میں 669 نشستوں میں سے 664 نشستوں کے نتائج کا اعلان کیا گیا، جس میں پاکستان تحریک انصاف 197 نشستوں کے ساتھ سب سے آگے ہیں جبکہ پاکستان پیپلز پارٹی 194 نشستوں کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہے۔ مسلم لیگ ن 127 نشستوں پر کامیاب ہوئی جبکہ 121 آزاد امیدوار بھی جیت گئے۔

بقیہ 66

چار افراد کو قتل اور ایک شخص کو زخمی کردیا گیا ہے۔ اطلاع ملتے ہی پولیس اور امدادی ادارے جائے وقوع پہنچ گئے، لاشوں اور زخمیوں کو جناح اسپتال منتقل کردیا، پولیس نے جائے وقوع سے شواہد جمع کرکے اپنی تحقیقات اور بیانات قلم بند کرنے کا سلسلہ شروع کردیا۔ جاں بحق افراد میں دو بچیاں اور دو خواتین شامل ہیں، تمام خواتین کے گلے کٹے ہوئے ہیں جنہیں بے دردی کے ساتھ ذبح کیا گیا ہے، مکان کی پہلی منزل پر یہ واقعہ پیش آیا، نیچے موجود کرائے داروں کا کہنا ہے کہ اوپر مکان سے شور شرابے اور رونے کی آوازیں آرہی تھیں، واقعے کی تحقیقات شروع کردی گئی ہیں۔

بقیہ 67

آن لائن منعقد ہوئی۔ دوسری کانفرنس کا تھیم انتہائی موثر پانی اور مٹی کو تبدیل کرنے والے پلانٹس پر تھا۔ دوریسرچ فیلو رضیہ جنید اور مصباح امین نے اپنے تحقیقی مقالے پیش کئے

بقیہ 68

۔ اپنے بیان میں فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ عمران خان نے پارلیمان کی عزت نہیں کی تو پارلیمان نے بھی عمران کو عزت نہیں دی،

بقیہ 69

قائدین وکارکنان نے جانوں کے نذرانے پیش کئے ہیں۔ تمام سیاسی جماعتوں نے پیپلز پارٹی کے مشورے پر عمل کیا تب ہی سلیکٹیڈ سے چھٹکارا ملا۔ عمران خان ذہنی طور پر مفلوج ہے جس کو سیاست کا پتہ نہیں، وہ ایک خودغرض انسان ہے۔ اگر اسمبلیوں سے استعفیٰ دینا ہے، تو ہاتھ دے لکھ کر دیں، ان کی نیت نہیں یہ سارہ ٹوپی ڈراما ہے لوگوں کو بیوقوف بنانے کی کوشش ہے۔ عمران خان بہت ہی نحوست والا انسان ہے

بقیہ 70

ملک کو بدترین غذائی قلت کے علاوہ بے روزگاری کے طوفان کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔

بقیہ 71

میں ایوانِ کارکنانِ تحریکِ پاکستان لاہور اور گورنمنٹ گرلز مڈل سکول' کوٹ لکھپت' لیاقت آباد' لاہور کی طالبات اور اساتذۂ کرام نے ایوانِ قائداعظمؒ، جوہر ٹاؤن' لاہور کا مطالعاتی دورہ کیا اور تحریک پاکستان کی تصویری گیلریز بھی دیکھیں

بقیہ 72

اپنے مناسب وقت پر ہوگا۔ تحریک انصاف کے مرکزی رہنما اسمبلیاں توڑنے کے معاملے پر پارٹی کی مرکزی قیادت نے عمران خان کے فیصلے کی توثیق کی ہے

بقیہ 73

سری محمد سلیم بن فتح دین نے پی ٹی اے ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ممبر (فنانس) پی ٹی اے، محمد نوید؛ ممبر ایم سی ایم سی داتک لم تھیان شیانگ اور ملائیشیا میں پاکستان کے سابق ہائی کمشنر لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) طاہر محمود قاضی اور ایم سی ایم سی اور پی ٹی اے کے دیگر افسران بھی اس موقع پر موجود تھے۔ دونوں فریقین کی جانب سے پاکستان اور ملائیشیا کے ڈیجیٹل لینڈ سکیپ سمیت اہم اقدامات اور مستقبل کے منصوبوں کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین ایم سی ایم سی نے پاکستان میں آئی سی ٹی سیکٹر کی غیر معمولی ترقی کو سراہا۔ ملائیشیا کے وفد نے اپنے اہم منصوبوں جیسے پی ای ڈی آئی (دیہی طبقوں کو ڈیجیٹل طور بااختیار بنانا) اور اس سے منسلک منفرد فائیو جی ماڈل یعنی سنگل ہول سیل نیٹ ورک کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ دونوں فریقین کی طرف سے باہمی تعاون کے شعبوں بالخصوص فائیو جی، سائبر سیکورٹی اور ریگولیٹری فریم ورک پر بات چیت جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔ یہ میٹنگ پی ٹی اے اور ایم سی ایم سی کے مابین گزشتہ بات چیت کے تسلسل میں ہوئی۔ مستقبل قریب میں دونوں ریگولیٹرز کے مابین تعاون کے ایک طریقہ کار پر بھی دستخط متوقع ہیں۔ واضح رہے کہ ایم سی ایم سی ملائیشیا میں مواصلات اور ملٹی میڈیا انڈسٹری کا ریگولیٹر ہے۔

بقیہ 74

نیٹ ورک یا لینڈ لائن سے ڈائل کیا جاسکے گا جعلساز اور ملاوٹ مافیا کی شکایات درج کروائی جاسکیں گی۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے مطابق ریپڈ رسپانس بائیک سکواڈ کو شکایات کے فوری حل کے لیے 1223 سے منسلک کیا گیا ہے۔ 1223 سے دودھ، مصالحہ جات، پانی سمیت فوڈ پروڈکٹس کے ٹیسٹ کروانے کی معلومات لی جا سکے گی۔ نئے ہیلپ لائن نمبر سے فوڈ لائسنس کے حوالے سے بھی رہنمائی حاصل کی جا سکے گی۔ انہوں نے کہا کہ 1223 پر ماہر غذائیات بہترین غذا اور بیماریوں کے متعلق مفت راہ نمائی بھی فراہم کریں گی۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی ہیلپ لائن 1223 پر ڈائیٹ پلان حاصل کرنے کی سہولت بھی دی جائے گی۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی نے کہا کہ عوام سے گزارش ہے کہ ملاوٹ مافیا کی اطلاع پنجاب فوڈ اتھارٹی کو دیں۔

بقیہ 75

محکمے نے کارروائی کا فیصلہ کرلیا۔ نجی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق لیک سٹی نے واسا لاہور کے 46 کروڑ 85 لاکھ 19 ہزار 370 روپے ادا کرنے ہیں، ایگریکس ٹاؤن فیز 2 اور 3 واسا لاہور کے 1 کروڑ 50 لاکھ سے زائد کی نادہندہ ہے، گورنمنٹ ایمپلائز فیز ٹو اور تھری 9 کروڑ، 46 لاکھ سے زائد کی نادہندہ نکل آئیں۔ نشیمن اقبال 3 کروڑ 10 لاکھ سے زائد کی نادہندہ ہے، پی اینڈ ڈی سوسائٹی 2 کروڑ 20 لاکھ سے زائد کی نادہندہ، پی سی ایس آئی آر 1 کروڑ پی آئی اے 2 کروڑ 40 لاکھ سے زائد کی نادہندہ، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ 2 کروڑ 38 لاکھ سے زائد کی نادہندہ ہے اور اسٹیٹ انٹرپرائز فیز 1 کے ذمہ 2 کروڑ 94 لاکھ سے زائد کی ادائیگی ہے۔

بقیہ 76

امیر بھٹی کی سربراہی میں سات رکنی لارجر بنچ نے سانحہ ماڈل ٹاؤن کیس میں نئی جے آئی ٹی تشکیل دینے کے خلاف درخواستوں پر سماعت کی۔ درخواست گزار خرم رفیق کے وکیل فرہاد علی شاہ نے عدالت کو بتایا کہ ایک ہی واقعے کی دو ایف آئی آرز درج کی گئی جبکہ ایک ایف آئی آر پنجاب پولیس کی مدعیت میں درج ہوئی۔ جے آئی ٹی نے چالان عدالت میں جمع کرایا۔ جسٹس ملک شہزاد نے کہا کہ آپ اس معاملے کی دونوں ایف آئی آرز پڑھ دیں۔

بقیہ 77

، سیلاب زدگان کے لئے دیا جانے والا راشن بازاروں میں فروخت ہونے لگا۔ سندھ میں رواں سال آنے والے سیلاب سے کئی اضلاع شدید متاثر ہوئے جن کے نام پر لاکھوں روپے مالیت کی ملکی وغیرملکی امداد وصول کی گئی لیکن امداد تقسیم کرنے والے متاثرین سے زیادہ خود کو مستحق سمجھنے لگے۔ ایک طرف سرد موسم میں سیلاب متاثرین اور ان کے معصوم بچے سردی سے ٹھٹھر رہے ہیں اور ان کے نام پر ملنے والے سرکاری کمبل بدعنوان افسران بازاروں میں فروخت کررہے ہیں۔

بقیہ 78

کے اعلان پر کہا ہے کہ اسمبلیاں توڑنے کے معاملے پر ان کی پارٹی جذبات میں کوئی فیصلہ نہیں کرے گی۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ اسمبلیاں توڑنے کے معاملے پر ان کی پارٹی جذبات میں کوئی فیصلہ نہیں کرے گی، پاکستان تحریک انصاف کے رہنما نے کہا کہ ہر فیصلہ اپنے مناسب وقت پر ہوگا۔

بقیہ 79

WomenofStatus سے رابطہ کیا کیونکہ میں نے انکی تنظیم کے لیے قیصر کے کہنے پر ٹریننگ خواتین ترتیب دی جو بعد میں نہیں ہوسکی۔ ملزم قیصر نے مجھ سے دولاکھ روپے اپنے محکمہ کی فیس کے طور طلب کیا، دولاکھ روپے وصول کرنے کے بعد مجھ کو محکمانہ رسید فراہم نہیں کی۔ جبکہ ملزم قیصر نے محکمے کی وکیل طیبہ ایڈوکیٹ، کے لیے دولاکھ روپے فیس طلب کی، ملزم قیصر مجھ کو قریبی اے ٹی ایم بنک لے گیا جہاں ملزم قیصر نے طیبہ ایڈوکیٹ کے اکاؤنٹ میں ٹرانسفر کردیے، اس کی رسید میرے کے پاس موجود ہے۔ بعد میں ملزم قیصر محمود اور طیبہ ایڈوکیٹ مزید رقم کے لیے مجبور کرتے رہے۔ مجھ کو ملزم قیصر اور طیبہ ایڈوکیٹ مزید رقم کے لیے دھمکیاں دیتے رہے۔ پولیس نے مقدمہ درج کرلیا۔

بقیہ 80

رخ نے ہدایت کی ہے کہ پولیس فورس میں ٹریفک اسسٹنٹ، کانسٹیبلز، لیڈی کانسٹیبلز، ڈرائیور کانسٹیبلز اور وائرلیس آپریٹرز کی بھرتیوں کے عمل کو سو فیصد میرٹ اور شفافیت پر پورا کیا جائے۔ یہ ہدایات انہوں نے سنٹرل پولیس آفس میں بھرتیوں کے حوالے سے ریکروٹمنٹ بورڈز کے اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ 81

لواحقین سے رابطہ کی ہدایت کی۔ اس حوالے سے چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو سارہ نے کہا کہ سمندری میں 10 سالہ بچی سے مبینہ اجتماعی زیادتی کے بعد قتل کا واقعہ انتہائی افسوسناک ہے۔ چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو فیصل آباد کی ٹیم مقتولہ بچی کے لواحقین سے رابطہ میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملزمان کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔

پی ٹی آئی نے ملکی سیاست میں نفرت کے بیج بو دیئے ہیں' سلیم رضا

ملک میں انتشار اور تصادم کی سیاست کسی کے مفاد میں نہیں، ملک مزید تجربات کا متحمل نہیں ہو سکتا

سیاسی درجہ حرارت کو اعتدال میں لانے کیلئے سیاسی قائدین کو صبر و تحمل کا مظاہرہ کرنا چاہیے

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) اسیر رہائی کمیٹی برائے اظہار یکجہتی قائد کے سیکرٹری اطلاعات، ممبر پی ڈی ایم رابطہ کمیٹی لاہور محمد سلیم رضا نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی نے ملکی سیاست میں نفرت کے بیج بو دیئے ہیں، ملک میں انتشار اور تصادم کی سیاست کسی کے مفاد میں نہیں ہے ملک مزید تجربات کا متحمل نہیں ہوسکتا، موجودہ حالات میں میاں نواز شریف کی قیادت کی ملک وقوم کو اشد ضرورت ہے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ حالات کی سنگینی کا ادراک ہر سیاسی جماعت کو کرنا چاہیے اور سیاسی درجہ حرارت کو اعتدال میں لانے کیلئے سیاسی قائدین کو صبر و تحمل کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ اقتدار سے دوری نے چیئرمین پی ٹی آئی کے ہوش و ہواس چھین لئے۔ انہوں (بقیہ نمبر 30)

مالیاتی خسارہ بڑھ کر 809 ارب تشویشناک ہے' نصراللہ مغل

حکومت آئی ایم ایف سے نجات کیلئے ملکی برآمدات میں اضافہ کیلئے اقدامات کرے

لاہور (این این آئی) صدر قائداعظم انڈسٹریل اسٹیٹ، ایگزیکٹو ممبر لاہور چیمبرز آف کامرس وانڈسٹریز نصراللہ مغل نے وزارت خزانہ کی طرف سے جاری ماہانہ رپورٹ پر تشویش کا اظہار کیا ہے جس کے مطابق مالیاتی خسارہ بڑھ کر 809 ارب ہوگیا ہے جبکہ مہنگائی کی شرح میں 25.5 فیصد اضافہ کے ساتھ کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ، براہ راست (بقیہ نمبر 33)

لاہور' ایک شخص لوڈر رکشے پر سریے لیکر جا رہا ہے

سول لائن ڈویژن پولیس کی کارروائی

خطرناک مفرور اشتہاریوں سمیت 2418 ملزمان کو گرفتار کیا' ایس پی

لاہور (این این آئی) لاہور میں سول لائن ڈویژن پولیس نے گزشتہ ماہ نومبر میں خطرناک مفرور اشتہاریوں سمیت 2418 ملزمان کو گرفتار کیا۔ ایس پی سول لائن اویس شفیق نے ماہ نومبر کی کارکردگی رپورٹ جاری کرتے ہوئے بتایا کہ سول لائن ڈویژن پولیس نے 67 خطرناک مفرور اشتہاری گرفتار کیے، اے کیٹگری 11 جبکہ بی کیٹگری کے 56 مطلوب اشتہاری مجرمان گرفتار کیے، عدالتی مفرور 238 جبکہ عادی ریکارڈ یافتہ 232 ملزمان (بقیہ نمبر 35)

یو ای ٹی لاہور، کیمیکل انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ میں یوم ثقافت کی تقریب کا انعقاد

تقریب پاکستانی اور غیر ملکی ثقافتوں کا حسین امتزاج، طلبہ کا یمنی ثقافت میں اظہار دلچسپی

لاہور (این این آئی) یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور کے شعبہ کیمیکل انجینئرنگ کے زیر اہتمام یوم ثقافت کی رنگارنگ تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب میں چاروں صوبوں کی ثقافت کے علاوہ مہندی، یمنی اور دیگر ممالک کی ثقافتوں کے نمونے بھی پیش کئے گئے۔ غیر ملکی طلبا نے اپنے اپنے ممالک کی ثقافت پیش کرنے کیلئے ڈیپارٹمنٹ میں مختلف قسم کے اسٹالز بھی لگائے۔ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کی پہلی خاتون چیئرپرسن ڈاکٹر صائمہ یاسین نے یوم ثقافت منانے کیلئے خصوصی کردار ادا کیا، اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر صائمہ یاسین کا کہنا تھا کہ کسی بھی قوم کی ثقافت ان کے رگ وجاں میں بسی ہوتی ہے (بقیہ نمبر 36)

ایس ایچ او لنڈی کوتل حاجی اکبر آفریدی کا شہدا پولیس فورس کے لواحقین کو خراج تحسین اپنے خیالات کا اظہار

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) ایس ایچ او لنڈی کوتل حاجی اکبر آفریدی کا شہدا پولیس فورس کے لواحقین کو خراج تحسین اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے ایس ایچ او لنڈی کوتل جناب اکبر آفریدی نے کہا کہ شہدا پولیس قوم کے ہیروز ہیں، کیونکہ ان شہدائے نے قوم کی آج کیلئے اپنے کل کو قربان کیا اور شہادت کے اعلی رتبے پر فائز ہوئے ان کی قربانی (بقیہ نمبر 32)

یو سی ایم اوز اور ایریا انچارجز کے ساتھ بنی گالہ اور بری امام کے مختلف علاقوں میں پولیو ٹیموں کے کام کا معائنہ

اے سی سیکرٹریٹ ڈی ایچ او آفس کے نمائندوں، یو سی ایم اوز اور ایریا انچارجز کے ساتھ بنی گالہ اور بری امام کے مختلف علاقوں میں پولیو ٹیموں کے کام کا معائنہ کر رہے ہیں۔ 05 سال سے کم عمر کے بچوں میں بھی ویکسین لگائی گئی اور دائمی انکار کا احاطہ کیا گیا

مرکزی سالانہ عرس مبارک کے سلسلے میں انکے آبائی گاں تھلہ شریف میں ایک اہم تقریب کا انعقاد

بھونگ شریف (محمد مراد دشتی) صاحبزادہ خواجہ محمد عثمان سائیں اور صاحبزادہ خواجہ محمد نعمان سائیں کے والد گرامی حضرت خواجہ محمد عبداللہ چشتی نظامی غریب نواز رحمتہ اللہ علیہ کی دوسری مرکزی سالانہ عرس مبارک کے سلسلے میں انکے آبائی گاں تھلہ شریف میں ایک اہم تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں معروف علما کرام مفکر اسلام حضرت علامہ مولانا مفتی محمد سیف الرحمن، مولانا محمد یوسف چشتی، شہنشاہ نقابت زین العابدین قادری (بقیہ نمبر 37)

لاہور' چیئرپرسن ٹیوٹا مامون جعفر تارڑ آفسیٹ پرنٹنگ کورس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

آیان
ووڈ ورکس اینڈ فرنیچر ہاؤس
عامر محمود 0311-5185882
فیاض احمد 0300-7817756
ہمارے ہاں، کھڑکیاں، دروازے، اٹالین کچن
الماریاں، ریلنگ، پیلنگ، فرنیچر اور لکڑی کا
ہر قسم کا کام انتہائی مناسب ریٹ پر کیا جاتا ہے
نیز کوٹھیوں، مکانوں اور آفس فینسی سے فینسی کام تسلی بخش کیا جاتا ہے
ایک بار وزٹ ضرور کروائیں

DRESS HOT COM
Ladies Under Garments
CEO
Kashf Abeer
0334-6096444
Kashf Abeer COLLECTION
بوتیک سٹائل
زنانہ اور بچگانہ
برانڈڈ 2 پیس اور 3 پیس
نیازی ٹاؤن ملت کالونی گلی نمبر 21، راولپنڈی

سعد حسین رضوی کا لیاقت علی خان کے بیٹے کے انتقال پر اظہار افسوس

اللہ پاک مرحوم کی مغفرت اور جنت الفردوس میں اعلی مقام عطا فرمائے آمین

لاہور (این این آئی) امیر تحریک لبیک پاکستان حافظ سعد حسین رضوی نے ملک کے پہلے وزیراعظم لیاقت علی خان کے بیٹے اکبر لیاقت کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے اپنے تعزیتی بیان میں کہا کہ مرحوم کے سوگواران سے دلی تعزیت کرتا ہوں، اللہ پاک مرحوم کی مغفرت اور جنت الفردوس میں اعلی مقام (بقیہ نمبر 31)

ONLINE
ALHAMRA
LIVE SHOW

لاہور' گلوکارہ الحمراء کلچرل کمپلیکس میں ٹیلنٹ منٹ شو 'الحمراء لائیو' میں پرفارم کر رہی ہیں

علی ارشد ڈی جی چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو پنجاب تعینات

احمد فراز ڈپٹی سیکرٹری گورنر سیکرٹریٹ لاہور تعینات کر دیا گیا' نوٹیفکیشن جاری

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے 2 افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے۔ محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی لاہور علی ارشد کو تبدیل کر کے ڈائریکٹر جنرل چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو پنجاب تعینات اور سیکشن آفیسر گورنر (بقیہ نمبر 34)

لاہور' شاکر عالی میوزیم میں سلمیٰ ہاشمی، ڈاکٹر اصغراصدف ودیگر مہمان ڈاکٹر عائشہ صدیقی کی ''اسرار'' فن پاروں کی نمائش دیکھ رہے ہیں

لاہور کی 90 فیصد سڑکیں کھنڈر بننے کیخلاف قرارداد پنجاب اسمبلی میں جمع

لاہور (این این آئی) لاہور کی 90 فیصد سڑکیں کھنڈر بننے کے خلاف قرار داد پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کروا دی گئی۔ مسلم لیگ (ن) کی رکن اسمبلی سمیرا کومل کی جانب سے جمع کرائی گئی قرار داد کے متن میں کہا گیا ہے کہ لاہور کی 90 فیصد سڑکیں کھنڈر بن چکی ہیں، متعدد سڑکوں کی عرصہ دراز سے مرمت تک نہیں ہوسکی جس کی وجہ (بقیہ نمبر 38)

نایاب پرندے تلور، جنگلی طوطوں اور بٹیر کے پانچ شکاری گرفتار، بٹیر کے چھ ہنٹنگ گیئرز برآمد

لاہور (این این آئی) سیکرٹری جنگلات، جنگلی حیات و ماہی پروری پنجاب شاہد زمان کی خصوصی ہدایت پر ڈائریکٹر جنرل جنگلی حیات و پارکس پنجاب مبین الہی کی زیر قیادت محکمہ کا صوبہ بھر میں غیر قانونی شکاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن بلا امتیاز جاری ہے اور جس کے نتیجے میں صوبہ کے مختلف مقامات سے (بقیہ نمبر 39)

ریلوے پولیس حکام کی جانب سے ای پولیس ایپ متعارف

صرف ایک بٹن دبانے پر ملزم کے سابقہ ریکارڈ کا پتہ چل سکے گا

لاہور (این این آئی) ریلوے پولیس حکام کی جانب سے ای پولیس ایپ متعارف کروا دی گئی۔ حکام کے مطابق ای پولیس ایپ پنجاب پولیس کی طرز پر تشکیل دی گئی۔ ایپ کے ذریعے پاکستان بھر میں صرف ایک بٹن دبانے پر ملزم کے سابقہ ریکارڈ کا پتہ چل سکے گا۔ ایپ کے استعمال سے عدالتی اور پولیس مفروران کو پکڑنے میں آسانی ہوگی، سٹیشنز کے باہر پارک شدہ وہیکلز کو با آسانی چیک کیا جا سکے گا۔ ریلوے حکام کے مطابق ایپ کے ذریعے اسٹیشنز اور ٹرینوں پر مامور ملازمان کی پرفارمنس اور لوکیشن کا پتہ چل سکے گا، ای ایپ کا سنٹرل (بقیہ نمبر 40)

ایف بی آر نے نومبر 2022ء کے محصولات کا ہدف کامیابی سے حاصل کر لیا

مالی سال 23-2022 کے محصولات کا ہدف حاصل کرنے کیل uy پر عزم ہے

لاہور (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے نومبر 2022ء کے محصولات کا ہدف کامیابی سے حاصل کرلیا، یہ محصولات دیئے گئے ہدف سے 8 ارب روپے زیادہ ہیں۔ ایف بی آر کے جاری کردہ اعلامیہ میں کہا گیا کہ نومبر کے مہینے میں 538 اعشاریہ دو ارب روپے کے محصولات اکٹھے کئے گئے جو کہ 537 ارب روپے کے دیئے گئے ہدف سے زائد ہیں۔ ایف بی آر کا کہنا تھا کہ مالی سال کے پہلے پانچ ماہ میں دو ہزار چھ سو اٹھاسی ارب روپے کے محصولات اکٹھے کیے، جو دیئے گئے ہدف سے آٹھ ارب روپے زیادہ ہیں۔ چیئرمین (بقیہ نمبر 41)

شاکر علی میوزیم میں ڈاکٹر عائشہ صدیقی کی ''اسرار'' فن پاروں کی نمائش کا انعقاد

عائشہ صدیقی کی ''اسرار'' فن پاروں کی نمائش کا افتتاح سلمہ ہاشمی، ڈاکٹر صغرا صدف نے کیا

لاہور (این این آئی) پاکستان نیشنل کونسل آف دی آرٹس شاکر علی میوزیم میں پاکستان کے معروف آرٹسٹ ڈاکٹر عائشہ صدیقی کی سولو ٹائٹل اسرار فن پاروں کی نمائش کا انعقاد کیا گیا تقریب میں سلمہ ہاشمی نے خصوصی طور پر شرکت کی جبکہ مہمانوں میں ثمن رائے، ڈاکٹر صغرا صدف سمیت آرٹس سے وابستہ شخصیات نے بھی شرکت کی اور نمائش میں رکھے فن پاروں کو دلچسپی سے دیکھا۔ فن پاروں کی نمائش کا افتتاح سلمہ ہاشمی، ڈاکٹر صغرا صدف، فاطمہ سلمان نے کیا۔ اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سلمہ ہاشمی، ڈاکٹر صغرا صدف اور ثمن رائے نے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر عائشہ صدیقی کے کام خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر عائشہ صدیقی کے فن پارے اپنی مثال آپ ہیں بلکہ انہوں نے اپنے کام میں جتنی جدت اور نکھار دکھائے ہیں اس کی جتنی کی تعریف کی جائے کم ہے ڈاکٹر عائشہ صدیقی جیسے آرٹسٹ ملک پاکستان کا سرمایہ ہیں جو اپنے کام میں اپنی پہچان رکھتے ہیں ان کی باحیثیت آرٹس ملک (بقیہ نمبر 44)

رائے ونڈ، مصروف شاہراہ مانگا روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہونے سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے

سرگودھا پولیس نے ایک اور مقابلہ میں زخمی ڈکیت کو گرفتار کرلیا، چار ساتھی فرار

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا پولیس نے ایک اور مقابلہ میں زخمی ڈکیت کو گرفتار کرلیا جبکہ اس کے چار دیگر ساتھی فرار ہو گئے پولیس وقوعہ کا مقدمہ درج کر کے ملزمان کی تلاش میں چھاپے مارتے ہوئے (بقیہ نمبر 46)

برائلر گوشت کی قیمت میں 5 روپے فی کلو کمی، فارمی انڈے مزید مہنگے

لاہور (این این آئی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 5 روپے کمی سے 414 روپے، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 3 روپے کمی سے 276 روپے فی کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت 1 روپے اضافے سے 276 روپے فی درجن کی سطح پر رہی۔

چھت سے ملنے والے نومولود کی شناخت کا ڈراپ سین، والدہ آشنا سمیت گرفتار

ملزمان نے اپنا جرم چھپانے کے لیے نومولود کو ہمسایوں کی چھت پر پھینک دیا تھا' پولیس

لاہور (این این آئی) تھانہ شالیمار کی حدود میں چھت سے ملنے والے نومولود کی شناخت کا ڈراپ سین ہوگیا، انویسٹی گیشن پولیس شالیمار نے بچے کی والدہ کو آشنا سمیت گرفتار کرلیا۔ ایس پی انویسٹی گیشن سول لائنز زین عاصم نے بتایا کہ ملزمان نے اپنا جرم چھپانے کے لیے نومولود کو ہمسایوں کی چھت پر پھینک دیا تھا، جدید ٹیکنالوجی اور ڈیٹا (بقیہ نمبر 47)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

پوری قوم عمران خان کے ہر فیصلے کیساتھ کھڑی ہے' ڈاکٹر شاہد صدیق

الیکشن کا میدان سجے گا تو عمران خان کے ٹکٹ کا امیدوار بھاری اکثریت سے کامیاب ہوگا

پی ٹی آئی کی تمام نشستیں عمران خان کی امانت ہیں، جب وہ حکم کرینگے، تمام ممبران فوری طور پر اسمبلیوں سے علیحدگی اختیار کر لینگے

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما ڈاکٹر شاہد صدیق خان نے کہا ہے کہ پوری قوم عمران خان کے ہر فیصلے کیساتھ کھڑی ہے، عمران خان کے اسمبلیوں سے نکلنے کے اعلان نے اتحادیوں کی سیاست کے اندر کھلبلی مچا کر رکھ دی ہے، الیکشن کا جب بھی میدان سجے گا، عمران خان کے ٹکٹ کا امیدوار بھاری اکثریت سے کامیاب ہوگا۔ اپنے جاری بیان میں انہو (بقیہ نمبر 58)

دھند کے باعث موٹروے کی بندش ☆☆

شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر وارڈنز کی اضافی نفری تعینات

لاہور (این این آئی) دھند کے باعث موٹروے کی بندش کے باعث لاہور شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر وارڈنز کی اضافی نفری تعینات رہی۔ سی ٹی او لاہور ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی نے بتایا کہ بابو صابو، ٹھوکر نیاز بیگ، شاہدرہ چوک، پرانے راوی (بقیہ نمبر 57)

باکسر محمد شعیب خان نے پروفیشنل اے بی ایف ایشین ٹائٹل فائٹ جیت لی

پوری دنیا میں سبز ہلالی پرچم بلند کروں، محمد شعیب خان قومی باکسر

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) باکسنگ میں تھائی لینڈ سے پاکستان کیلئے بڑی خوشخبری پاکستانی باکسر محمد شعیب خان نے پروفیشنل اے بی ایف ایشین ٹائٹل فائٹ جیت لی تھائی لینڈ میں پاکستانی باکسر محمد شعیب نے انڈونیشین حریف باکسر کو شکست دی قومی باکسر محمد شعیب خان تمام دس راونڈ میں ناقابل شکست رہے قومی باکسر شعیب خان (بقیہ نمبر 55)

باکسر محمد شعیب خان نے پروفیشنل اے بی ایف ایشین ٹائٹل فائٹ جیت لی

سابق ضلعی چیئرمین ون لیگی ضلعی صدر سردار اظہر خان لغاری کی سنجر پور پیر دا گوٹھ آمد

بھونگ شریف) محمد مراد دشتی (سابق ضلعی چیئرمین ون لیگی ضلعی صدر سردار اظہر خان لغاری کی سنجر پور پیر دا گوٹھ آمد، سید ولی محمد شاہ جیلانی کی وفات پر انکے لواحقین سے اظہار تعزیت و فاتحہ خوانی کی۔ تفصیل کے مطابق پاکستان مسلم لیگ ن کے ضلعی صدر سردار اظہر خان لغاری نے سنجر پور پیر دا گوٹھ میں سید ولی (بقیہ نمبر 56)

مری کے مختیار کار عبدالقیوم لغاری کے خلاف ٹان تھانے میں مقدمہ درج

ڈگری (رپورٹ احمد عاصم آرائیں) ضلع میرپور خاص کے تعلقہ حسین بخش مری کے مختیار کار عبدالقیوم لغاری کے خلاف ٹان تھانے میں مقدمہ درج کرلیا . ڈپٹی کمشنر زین العابدین میمن نے عبدالقیوم لغاری کے خلاف معطلی، اور مزید قانونی کاروائی کے لئے اینٹی کرپشن پولیس کو لیٹر جاری کردیئے . بتایا جارہا ہے کہ مختیار کار نے (بقیہ نمبر 54)

دیہی خواتین پر سرمایہ کاری معاشی ترقی میں کلیدی کردار ادا کر سکتی ہے' مہر کاشف یونس

دیہی خواتین کو بااختیار بنانے کو غیر استعمال شدہ وسائل میں سرمایہ کاری کے طور پر دیکھا جانا چاہیے' معاشرے کو فائدہ پہنچ سکتا ہے

لاہور' سبزی منڈی میں آڑھتی چھلیاں فروخت کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) وفاقی ٹیکس محتسب کے کوآرڈینیٹر مہر کاشف یونس نے کہا ہے کہ دیہی خواتین پر منظم سرمایہ کاری قومی اقتصادی ترقی کے فروغ، غربت کے خاتمے اور بھوک پر قابو میں کلیدی کردار ادا کر سکتی ہے۔ جمعرات کو ''قومی ترقی میں دیہی خواتین کا کردار'' کے موضوع پر سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہماری کل آبادی کا ایک بڑا حصہ خواتین پر مشتمل ہے اور ان کی اکثریت دیہی علاقوں میں مقیم ہے جبکہ قومی ترقی (بقیہ نمبر 53)

پیٹرول کی قیمت کم نہ کرنے کیخلاف لاہور ہائی کورٹ میں درخواست دائر

پیٹرول کی قیمت کم نہ کرنا استحصال کرنے کے برابر ہے اور آئین کے منافی ہے

لاہور (این این آئی) حکومت کی جانب سے پیٹرول کی قیمت کم نہ کرنے کے خلاف لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر کردی گئی۔ جوڈیشل ایکٹوازم پینل کی جانب سے دائر درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ عالمی منڈی میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی ہوئی، ملک میں قیمتیں کم نہ کرنے سے مہنگائی برقرار رہے گی۔ پیٹرول کی قیمت کم نہ کرنا استحصال کرنے کے برابر ہے اور آئین کے منافی ہے۔ حکومت کی جانب سے پیٹرول کی قیمت کم نہ کرنے کے خلاف لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر کردی گئی۔ جوڈیشل ایکٹوازم پینل کی جانب سے دائر درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے۔

سرگودھا کا شہری حصول انصاف کے لئے پولیس کے خلاف عدالت پہنچ گیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا کا شہری حصول انصاف کے لئے پولیس کے خلاف عدالت پہنچ گیا جس کی درخواست پر عدالت نے پولیس کو طلب کر لیا۔ ایڈیشنل سیشن جج سرگودھا سکندر جاوید کی عدالت میں پیش ہو کر چک 103 شالی کے صابر حسین (بقیہ نمبر 52)

مجسٹریٹس و دیگر ڈی ایچ او آفس کے نمائندگان کے ہمراہ مختلف علاقوں میں دورہ

پانچ سال سے کم عمر کے بچوں میں ویکسین لگائی گئی اور دائمی انکار کا احاطہ کیا گیا ہے

اسلام آباد) نمائندہ عوامی للکار (ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سیکریٹریٹ کا انسداد پولیو مہم کے چوتھے روز مجسٹریٹس و دیگر ڈی ایچ او آفس کے نمائندگان کے ہمراہ مختلف علاقوں میں دورہ، اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ نے مجسٹریٹس و ڈی ایچ او آفس کے نمائندگان، یو سی ایم اوز اور ایریا انچارجز کے ہمراہ بنی گالہ اور بری امام کے مختلف علاقوں میں پولیو ٹیموں کے کام کا معائنہ کیا، پانچ سال سے کم عمر کے بچوں میں ویکسین (بقیہ نمبر 51)

دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

لاہور (این این آئی) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج، ان کی سطح اور بیراجوں میں پانی کے بہاؤ کی صورت حال حسب ذیل رہی۔ دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد 22 ہزار 700 کیوسک اور اخرج 42 ہزار کیوسک، کابل (بقیہ نمبر 50)

ایل پی جی کی قیمت میں 11 روپے 79 پیسے فی کلو اضافہ' نوٹیفکیشن جاری

گھریلو سلنڈر 2548 روپے 29 پیسے، کمرشل سلنڈر 9804 روپے میں دستیاب ہوگا

سستی گیس کی فراہمی کے لیے ایل پی جی پر لگے تمام ٹیکسوں کا خاتمہ کیا جائے، چیئرمین ایل پی جی ایسوسی ایشن

لاہور (این این آئی) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے ایل پی جی کی قیمت میں 11 روپے 79 پیسے فی کلو اضافہ کر دیا۔ اس ضمن میں نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا جس کا اطلاق فوری ہوگا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ایل پی جی کی فی کلو قیمت 11 روپے 79 پیسے اضافے کے ساتھ 215 روپے 95 پیسے مقرر کی گئی ہے۔ اوگرا کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق ایل پی جی کے 11.8 کلوگرام کے گھریلو سلنڈر کی قیمت 139 روپے 13 پیسے اضافے کے بعد 2548 روپے 29 پیسے مقرر کی گئی ہے۔ جبکہ کمرشل سلنڈر 9804 روپے میں دستیاب ہوگا۔ چیئرمین ایل پی جی ایسوسی ایشن پاکستان عرفان کھوکھر نے مطالبہ کیا کہ سستی گیس کی فراہمی کے لیے ایل پی (بقیہ نمبر 49)

حکومتوں کے پاس عوام کو ریلیف فراہم کرنے کا کوئی منصوبہ نہیں' جاوید قصوری

عوام نے سب جماعتوں کو آزما لیا، اب جماعت اسلامی کو موقع دیں

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ موجودہ وفاقی و صوبائی حکومتوں کے پاس عوام کو ریلیف فراہم کرنے کا کوئی ٹھوس منصوبہ نہیں۔ حکمرانوں کی جانب سے ڈنگ ٹپاؤ اقدامات سے (بقیہ نمبر 48)

خام مال اور میڈیکل ڈیوائسز کی درآمد تعطل کا شکار ہونے سے مشکلات

لاہور (این این آئی) ادویات کے خام مال اور میڈیکل ڈیوائسز کی پاکستان میں درآمد بند ہونے سے ہسپتالوں میں صحت کی سروسز رکنے کا اندیشہ پیدا ہوگیا۔

ناصر CNG
اینڈ آٹو ورکشاپ
CNG اور آٹو پارٹس دستیاب ہیں
فری آئل چینج
مکینک: ناصر محمود 0332-5683901 0345-5259129
مکینک ظفر اقبال 0343-6818018